"That the Business of the House be adjourned to discuss a matter of urgent public importance and of recent occurrence namely, the desertion of over 3000 members of the Sind Reserve Police within a single year 1984-85, many of whom have taken their uniforms with them and are now reportedly involved in dacoities and looting while posing as policemen. These unprecedented desertions from a law-enforcing institution, over which the Federal Ministry of Interior has overall responsibility, has caused serious apprehension amongst citizens in Sind as well as in lower Punjab and Baluchistan".

May I speak further Sir, before you ask whether the Motion is going to be opposed?

**Mr. Chairman:** Please go ahead.

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, I believe that this is the first ever time in Pakistan's history that desertion on this large scale from a.... (Interruption).

**Mr. Chairman:** Please speak on the admissibility. You are quite familiar with the rules and regulations. Confine yourself only to the Motion as admissible under the rules.

**Mr. Javed Jabbar:** Yes, Sir, Mr. Chairman, I am anticipating the fact that the........(Interruption).

**Mr. Chairman:** So, after the Minister has spoken, and if you are not satisfied with his reply, you can then eleborate.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** Sir, in deference to the honourable Member, I would not take refuge that it is a Provincial subject because obviously........(Interruption).

**Mr. Chairman:** But it is........(Interruption).

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** It is a Provincial subject. It has disturbed, you see, the normal life of citizens and that disturbance I share with them. So, we have not been able to get full information

[Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak]

from Sind but the position is as per the interim reply that normal desertions do occur and have occurred during the course of training of the recruits. Figures of the desertion quoted by the honourable Member can not be confirmed at this stage. The fact that they have gone and joined the dacoits is not correct.

**Mr. Chairman:** Would you like to say something?

**Mr. Javed Jabbar:** I only invite the attention of the honourable Minister to the original news item which appeared in "The Muslim," Sir, August the 3rd, on back page, "Col. Saeed Ahmed, the DIG Training confirms the news and gives the figures that 3026 Policemen have deserted." And further, Sir, on the Federal responsibility aspect may I point out, he said," most of them have deserted apparently because of strenous training they were undergoing under the supervision of the Special Service Group of Pakistan Army.", I think it is a Federal Agency.

**Mr. Chairman:** I think the basic facts are that the Force is a Provincial Force, law and order is a Provincial matter. Whether the Minister agrees with this or not, I would not like to set up a wrong precedent as this is one of the unfortunate duty of the Presiding Officer to balance conflicting claims, so, I can not allow an Adjournment Motion on purely Provincial matter, both from the point of view of law and order as well as from the point of view of composition and responsibility. So, this is held out of order. Will this finish the adjournment Motions? Now, we take.... (Interruption).

**Dr. MahbubulHaq:** May I, Sir, with your permission raise a matter. In the last Session of the Senate a Select Committee was appointed to examine the Banking Tribunal's (Amendment) Bill, 1985, and the Committee had to submit its report by now. The Committee did meet, Sir, on 11th August, 1985 and felts that it needed more time as it wanted to have a session also with the Governor of State Bank, Heads of the Banks and other financial institutions to go over the issues involved in this Banking Tribunals (Amendment) Bill, 1985. Sir, with your permission I beg to move:

> "That the time, for submission of report of the Select Committee of the Senate which has been set-up for examination of the Banking Tribunals (Amendment) Bill, 1985, be extended by 90 days under rule 164 Clause (1) of the Rules of Procedures and Conduct of Business in the Senate, 1973."

Thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** The Motion is:

"That the time, for submission of report of the Select Committee of the Senate which has been set-up for examination of the Banking Tribunals (Amendment) Bill, 1985, be extended by 90 days under rule 164 Clause (1) of the Rules of Procedures and Conduct of Business in the Senate, 1973."

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Sir, a particular provision about which the learned Finance Minister says that, if within 90 days the case is not finished the entire amount should be deposited in Court. Now, he has felt that he should deposit substantial amount in the Tribunal.

**Mr. Chairman:** I think, on that, you can bring a separate resolution or a separate Motion. Let us put the question, now. The question is:

"That the time for submission of report of the Select Committee of the Senate which has been set up for examination of 'The Banking Tribunals (Amendment) Bill, 1985, be extended by 90 days under Rule 164 Clause (1) of the Rules of Procedures and Conduct of Business in the Senate, 1973."

*(The Motion was carried.)*

**Dr. MahbubulHaq:** Sir, with your permission, if I may have just one minute. Many honourable Members of the Senate have made inquiries about the time for submission of Projects under the Special Programmes for Local Development and Education on which a letter of the Prime Minister was circulated to the Senate Members. I wanted to clarify that the time period till the end of August, as many, Members had suggested, was too short, Sir, therefore the time period is being extended to the end of September. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** Well, this has been taken note of. Mr. Iqbal Ahmad Khan.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, with your kind permission, I beg to lay on the table a list of the various Standing Committees as constituted by the Leader of the House, in pursuance of the authorization given to him by the House on 6th of July, 1985.

**Mr. Chairman:** A list of the Standing Committees, constituted by the Leader of the House in pursuance of the authorization given to him by the House, on the 6th of July, has been laid on the table of the House.

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، میرے دو سوالات تھے۔ ایک چشمہ رائٹ بنک کینال کے تحفظ کے بارے میں تھا کہ اسے پہاڑی ندیوں سے کیسے محفوظ کیا جائے گا۔ پچھلے سیشن میں بھی میں نے بھیجا تھا، اس سیشن میں بھی بھیجا ہے نہ اس کا جواب ملا ہے کہ مسترد ہوا ہے یا نہیں ؟ - نہ یہاں پر آیا ہے۔

جناب چیئرمین : جواب اگر آج کے لئے تھا تو جواب پہنڈنڈ آپ کو ملنا چاہیئے اور مل جائے گا۔

قاضی عبداللطیف : لیکن آج والے میں بھی نہیں ہے۔ تو پھر آئندہ کے لئے ہو گا۔

جناب چیئرمین : پھر آئندہ کے لئے ہو گا۔ اگر آج والے میں بھی نہیں ہے۔

قاضی عبداللطیف : اور بعینہ اسی طریقے کا ایک دوسرا سوال تھا۔ جس طریقہ سے خورشید احمد صاحب کا ۶۵ نمبر والا ہے وہ بھی نہیں آیا نہ مجھے جواب دیا گیا ہے کہ وہ مسترد ہوا ہے یا نہیں ہوا ؟

جناب چیئرمین : مجھے یاد نہیں کہ آپ ایوان میں تشریف رکھتے تھے یا نہیں لیکن یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ کل بھی اور آج بھی وقفہ سوالات نہیں ہو گا تاکہ یہ جو ۱۳ رکنی پولیٹیکل کمیٹی ...... (مداخلت)

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! مجھے یہ اعتراض نہیں ہے بلکہ اس وقت سوالات کی جو کاپی ملی ہے، اس میں بھی نہیں آیا ہے۔

جناب چیئرمین : اس منسٹر کی آج باری نہیں ہو گی، جس نے جوابات دینے تھے۔ تو وہ اس دن کے لئے فکس ہوتے ہیں جس دن اس منسٹر کی جواب دینے کی باری ہوتی ہے۔ تو آپ آئندہ کسی دن پوچھ لیں۔ انشاء اللہ آپ بھی یہاں تشریف رکھیں گے ہم سب ہوں گے تو آپ کو جواب دے دیں گے۔

قاضی عبداللطیف : دوسری گذارش یہ ہے کہ وہ جو ہم نے بل پیش کیا تھا - آج تک نہ تو اس کے متعلق کمیٹی قائم ہوئی ہے نہ اس کے متعلق . . . (مداخلت)

جناب چیئرمین: یہاں ابھی وزیر محترم نے فرمایا کہ وہ کمیٹیاں بن چکی ہیں اور اسی کی جلدی تھی کہ وہ کمیٹی جلدی مقرر ہو جائے تاکہ وہ آپ کے بل کا بھی معائنہ کر سکے اور مطالعہ کر سکے -

قاضی عبداللطیف :شکریہ -

مولانا سمیع الحق : پوائنٹ آف آرڈر ، ہمیں کہا گیا تھا کہ آپ کمیٹیوں کی تین ترجیحات مقرر کریں ایک، دو اور تین، اور ہم نے جو ترجیحات دی تھیں یہاں اس کا لحاظ نہیں رکھا گیا ہے - بلکہ جہاں وزیر انصاف صاحب کا جی چاہا ، جس سے وہ زیادہ کھٹے تھے اس کو دور رکھ دیا مثلاً میں نے تین نمبر دیئے تھے فارم بار بار بھر کر بھیجا تھا میں نے ایک نمبر ایک ، دوسرے نمبر دوسرا ، میرے خیال میں کئی ارکان کے ساتھ ایسا ہوا ہوگا وہ ایک نظر دیکھ لیں -

جناب چیئرمین : میرے خیال میں جہانتک میں نے ابتدائی طور پہ لسٹ دیکھی تھی - اگرچہ ہم نے پرائم منسٹر کو authorise کیا تھا اور انہوں نے suggest کی ہیں انہوں نے اپنی طرف سے پورے انصاف سے یہ نام تجویز کئے ہیں - پورے غور و خوض سے ، انصاف تو میں اس میں کیا کہوں ، انصاف ہو سکتا ہے یا نہیں ہو سکتا ، اور اس میں جو فسٹ چائس تھی اسی کو اکاموڈیٹ کرنے کی کوشش کی گئی ہے نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ ہر ایک کمیٹی کے چودہ چودہ ممبر مقرر کرنے پڑے تو میرے خیال میں اگر آپ غور سے اس کو دیکھ لیں تو آپ کو یہ اعتراض شاید پھر نہ ہوگا -

مولانا سمیع الحق : میں نے پہلے چوائس دی تھی کہ میں اقبال احمد خان صاحب

[Maulana Sami-ul-Haq]

کے ساتھ رہوں گا وزارت انصاف اور پارلیمانی امور میں دوسری پھر وزارت تعلیم کے بارے میں تھی اور تیسرا وزارت مذہبی امور کی جو کمیٹی تھی مذہبی لحاظ سے ، اس کے متعلق دیا تھا مجھے بالکل آخر میں کمیٹی برائے ایوان میں ڈال دیا گیا ہے ، اب مجھے تو پتہ بھی نہیں تھا کہ ایوان کی کمیٹی ہوگی ۔ تو میرا خط اگر آپ دیکھیں تو آپ کو پتہ چل جائیگا کہ اس کو بالکل ملحوظ نہیں رکھا گیا ۔

جناب اقبال احمد خان : جناب مولانا صاحب سے میں عرض کروں میں چونکہ سینیٹ کا ممبر نہیں ہوں اس لئے میں کسی کمیٹی کا ممبر نہیں بن سکتا ۔ اس لئے اگر مولانا صاحب نے میرے ساتھ شامل ہونا ہے تو نیشنل اسمبلی میں تشریف لے آئیں اور جہاں تک ان کا مجھ سے تعلق ہے میں یہ راز کسی سے عرض نہیں کرنا چاہتا تھا چونکہ ان کو مجھ سے خاص تعلق ہے مجھے بھی ان سے غالباً . . . . انکا دوسری دفعہ اس کمیٹی میں ان کا نام آیا ہے ۔ جبکہ ممبروں کا ایک ایک دفعہ نام آیا ہے اور ہاؤس کمیٹی میں ان کا دوبارہ نام شامل کر دیا ہے دو کمیٹیوں میں اگر ان کو منظور نہیں ہے تو ان کی جگہ کسی دوسرے دوست کا نام تجویز کر دیتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : جو ہمارے پاس اطلاع ہے ، اس میں مولانا صاحب نے کوئی واضح ترجیح بتائی نہیں ۔ سرے سے

مولانا سمیع الحق : میں نے دو دفعہ ڈاک سے بھیجا ہے بلکہ ، مجھے جو ڈاک آئی تھی اسی دن فارم بھر کر بھیج دیا تھا ۔

جناب چیئرمین : ہمیں جو ڈاک آئی ہے اس میں لکھا ہوا ہے ہر جگہ جانے کے لئے آپ تیار ہیں ، میرے خیال میں آپ اس پر . . . ۔

(مداخلت)

جناب اقبال احمد خان : اگر اجازت دیں ۔ چونکہ انہوں نے اپنی کوئی ترجیح نہیں دی تھی اور اسی خاص تعلق خاطر کی خاطر ان کو دو کمیٹیوں میں رکھا ہے ایک کمیٹی نمبر ۶ ، یہ ہے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ، ڈیفنس اینڈ پروڈکشن ، پولیٹیکل آفیئرز اور کمیونیکیشن اس میں مولانا صاحب کا نام تین نمبر پر ہے ملاحظہ فرمالیں ، اور

پھر ان کمیٹی میں بھی ان کا نام آگیا ہے جبکہ ایک کی بجائے دو کمیٹیوں میں رکھا ہے اور پھر بھی ان کو ہم سے شکایت ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ کی اطلاع کیلئے ایک اور عرض کر دوں ۔ یہ جو آپنے کمیٹی مقرر کی فار دی ریویژن آف رولز اینڈ پروسیجر ،، انشاءاللہ ان کو تین مہینے کا اور ٹائم دیا ہوا ہے ان کی رپورٹ جب آئے گی تو کمیٹیوں میں مزید چینجز کا امکان ہے اس وقت کسی ممبر کو اعتراض ہے یا اپنے پرویلجز بدلنے چاہتے ہیں ، تو پھر یہ ممکن ہو گا کہ ان کو بھی اکاموڈیٹ کیا جا سکے ۔

So we are bound by whatever he has decided by virtue of the authority that we have delegated to him.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** We are bound by it as I said, but Rule 139 is clear that each committee shall consist of so and so————to be elected by the Senate. So let us correct ourselves to avoid all doubts. What ever he has proposed........(Interruption).

**Mr. Hasan A. Shaikh:** May I speak, Sir. My submission is...... (Interruption).

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Let me speak first I am on my feet........(Interruption).

**Mr. Hasan A. Shaikh:** It is some thing like delegated legislation power under Rule 139, which we have delegated to the Prime Minister, and he has decided it. It is a delegated legislation.

**Mr. Chairman:** I think, if we refer to the previous motion which was moved, it says:—

"That the Prime Minister be authorised to appoint Members of the Standing Committee as envisaged in Rule 137, 139, 141 and 143 of the Rules of Procedure and Conduct of Business of Senate, 1973,"

And the resolution was that this House resolves......Sorry, no....

This is what was agreed to.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** If you are satisfied then it is all right.

**Mr. Chairman:** I am perfectly satisfied. This was the whole purpose of delegating this authority to the Prime Minister. So, we take up, I think, the main item on today's agenda *i.e.* "Further discussion on the Report of the Special Committee on the revival of Political Parties" in the country. We still have as I told you yesterday about 18/19 members on the list who wish to speak, but the time at our disposal is about three hours with half an hour break for prayers. So, I would repeat the request which I made to all of you yesterday to please confine yourself and be as brief as you possibily can. I call upon the first speaker, Mir Abdullah Khan Rokari. He is not here. . . .then Maulana Kausar Niazi.

## DISCUSSION ON: THE REPORT OF THE SPECIAL COMMITTEE ON THE REVIVAL OF POLITICAL PARTIES

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! قرآن حکیم میں ایک بڑھیا کی تمثیل بیان کی گئی ہے کہ وہ سوت کاتتی تھی اور وہ کاتنے کے بعد پھر اسے ادھیڑ دیتی تھی اور ادھیڑ کر پھر کاتتی تھی اور اُدھیڑ دیتی تھی افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کی اس ۳۸ سالہ تاریخ میں ہماری مثال اس روائتی بڑھیا کی سی ہو کر رہ گئی ہے ہم ایک زمانے میں مارشل ریس مشہور تھے لیکن مجھے ڈر یہ ہے کہ مستقبل کا مؤرخ کہیں ہمیں مارشل لاء ریس لکھنے پر مجبور نہ ہو جائے۔ آٹھ سال سے جو اس وقت تک مارشل لاء لگا ہے۔ یہ دنیا کی طویل ترین مارشل لاء میں شمار ہو گا۔ اور عالم اسلام میں تو یقیناً یہ طویل ترین مارشل لاء ہے۔

مجھے خوشی ہے کہ اس پارلیمنٹ کے وجود کی صورت میں قوم کو ایک شعاعِ اُمید نظر آئی ہے اور یہ توقع پیدا ہو چلی ہے کہ ظلم کی یہ تیرہ و تار رات آخر کار ختم ہوا چاہتی ہے اس سلسلے میں سیاسی ڈھانچہ تجویز کرنے کے لئے قومی اسمبلی اور سینٹ نے اپنی اپنی کمیٹیاں تجویز دی تھیں جنکے نتیجے میں دونوں ایوانوں کی متعلقہ کمیٹیوں کی رپورٹیں زیر نظر ہیں۔

مگر جناب والا! ان فاضل اراکین کے تمام تر احترام کے باوجود جن میں دانشور بھی ہیں مذہبی عالم بھی ہیں وکلاء بھی ہیں اور کہنہ مشق پارلیمنٹیرین بھی ہیں کہ سیاسی ڈھانچے کے سلسلے میں جو رپورٹیں ایسے اہل نظر سے متوقع تھیں، افسوس یہ ہے کہ وہ توقع پوری نہیں ہوئی۔

جناب والا ! سیاسی ڈھانچہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں ترمیم سے نہیں بنتا سیاسی ڈھانچہ ایک وسیع ترٹرمینالوجی ہے یہ وسیع الاطراف موضوع ہے اور اسکے اندر صرف سیاسی جماعتیں ہی نہیں آتیں بلکہ اس کے اندر lagislature یعنی مقننہ آتی ہے عدلیہ آتی ہے انتظامیہ آتی ہے اور یہ وہ تین ستون ہیں جن پر کسی ملک کا سیاسی ڈھانچہ استوار ہوتا ہے لیکن ان رپورٹوں اور تجویزوں کا جائزہ لیا جائے تو یوں لگتا ہے جیسے فاضل اراکین کے سامنے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں چند ترامیم کے سوا کوئی مطمع نظر نہیں تھا ۔

اگر سیاسی جماعتوں کی revival یعنی احیاء اور انکی سیاسی سرگرمیاں اس ملک میں جمہوریت کی ضامن ہوتیں تو ۳۲ سال میں سیاسی جماعتیں تو کام کرتی رہی ہیں خود ان آٹھ سالوں میں بھی سیاسی جماعتیں کالعدم ہونے کے باوجود سرگرم عمل رہی ہیں ۔ بعض جماعتیں مختلف ناموں سے کام کرتی رہی ہیں ۔ لیکن سیاسی ڈھانچہ اس ملک میں نہیں بن سکا ادارے قائم نہیں ہو سکے مارشل لاء کے خاتمے کی کوئی صورت پیدا نہیں ہو سکی کوئی ایسی ضمانت اس قوم کو فراہم نہیں کی جاسکی کہ مارشل لاء آئندہ کے لئے اس ملک میں نافذ نہ ہو سکے ۔

جناب والا ! مقننہ پر سیاسی ڈھانچے کا سب سے زیادہ دارومدار ہوتا ہے فاضل اراکین کا فرض یہ تھا کہ اسکو بااختیار بنانے پر سب سے زیادہ توجہ دیتے ۔ اسے یہ اختیار دلاتے کہ وہ ۱۹۷۳ء کے آئین کو کامل شکل وصورت کے ساتھ پھر سے نافذ کر سکے ۔ وہ آئین جس کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے ترامیم کے ذریعے جسکی شکل مسخ کر دی گئی ہے اسکو از سر نو پھر سے صحیح شکل وصورت میں قوم کے سامنے لائیں اراکین کمیٹی کا یہ فرض تھا کہ وہ ایسی صورتیں تجویز کرتے جنکی وجہ سے اس lagislature کا عزت ووقار بحال ہوتا اور اس ایوان کو یہ حق ملتا کہ وہ اپنے قائد ایوان کا انتخاب کر سکے ۔

جناب والا ! وزیراعظم صاحب بہت شریف النفس انسان ہیں اور اگر انتخاب ہوتا تو میرا ووٹ بھی انہی کے حق میں جاتا میں ان کا دل سے احترام کرتا

(Maulana Kausar Niazi]

ہوں لیکن میں اصولی بات کہہ رہا ہوں کہ یہ حق اس ایوان کا تھا کہ وہ اپنا قائد انتخاب کرتا اسی سے اس ایوان کی اتھارٹی قائم ہوتی اسی سے اس ایوان کا حق اور اس کے اختیار کا بول بالا ہوتا لیکن کمیٹی نے اس جانب کوئی توجہ نہیں دی۔

جناب والا! مقننہ سے یہ حق بھی چھین لیا گیا ہے کہ جو ترامیم کر دی گئی ہیں وہ یہاں زیر بحث آئیں اور اسکے سلسلے میں ووٹنگ ہو اور انہیں قبول یا رد کیا جا سکے وہ آپ سے آپ آئی ہیں اور آئین کا حصہ بن گئی ہیں ۔ اس طرح یہ مقننہ ایک بے دست و پا بن کر رہ گئی ۔

دوسرا حصہ جو سیاسی ڈھانچے کے لئے ناگزیر ہوتا ہے وہ عدلیہ ہے اور عدلیہ کو بھی ان آٹھ سالوں میں جتنا ہم نے بے دست و پا رکھا ہے وہ تو سب کے سامنے ہے حالانکہ وہ سمری کورٹ کے فیصلوں پر بھی نظر ثانی کی مجاز نہ تھی وہ اس کے سامنے کوئی اپیل مارشل لاء کے چھوٹے موٹے افسر کے خلاف نہیں ہو سکتی تھی ۔

جناب والا! تین قسم کے قوانین بیک وقت اس ملک میں جاری و ساری رہے ، شرعی قوانین ، برطانوی قوانین اور مارشل لاء کے قوانین اور مارشل لاء کے قوانین کے سامنے ہماری عدلیہ بے بس تھی ۔ اور ستم بالائے ستم یہ ہے کہ Constitution Revival Order کے ذریعے سے اب بھی یہ فیصلہ کر دیا گیا ہے کہ ان آٹھ سالوں میں جو بھی فیصلے مارشل لاء نے کئے ہیں ، کسی چھوٹی موٹی عدالت نے کئے ہیں کسی وردی پوش لیفٹیننٹ یا کیپٹن نے کئے ہیں انکو یہ عدلیہ نہیں چھیڑ سکتی اور اگر کسی پر ظلم ہوا ہے کسی کی حق تلفی ہوئی ہے تو اس کی کوئی داد فریاد عدلیہ کے سامنے پیش نہیں کی جا سکتی ۔

جناب والا! تیسرا بنیادی ستون سیاسی ڈھانچے کا انتظام ہے انتظامیہ کو جب تک یہ احساس نہ ہو کہ اس کا مؤاخذہ ہو سکتا ہے ۔ ایک legistature موجود ہے جس میں سوالات کے ذریعے سے جس میں تحاریک التوائے کار کے ذریعے سے اس کی کارگزاریوں کا جائزہ لیا جا سکتا ہے ، محاسبہ کیا جا سکتا ہے ۔ تو انتظامیہ

کبھی راہ راست پر نہیں آسکتی جب اسے معلوم ہو کہ اختیارات کا سرچشمہ ایک فرد واحد ہے یہ مقننہ نہیں یہ ادارے نہیں اور اس ایوان میں اگر سوالات بھی ہوں اور تحاریک التواء بھی ہوں تو ان کا کوئی نوٹس لینے والا نہیں ہے بلکہ ہو سکتا ہے جس کے بارے میں زیادہ سوالات پوچھے جائیں اس کو کچھ زیادہ مراعات دے دی جائیں اور اس کا گریڈ کچھ اور بڑھا دیا جائے اگر یہ تصور یہ خیال انتظامیہ کے اندر ہو تو وہ کبھی راہ راست پر نہیں آسکتی اس کے ساتھ ساتھ جناب والا! انتظامیہ کے حقوق کی حفاظت جب تک مقننہ نہ کر سکے اس وقت تک سیاسی ڈھانچہ مؤثر نہیں ہو سکتا اگر انتظامیہ کے اراکین ہر وقت اس خیال میں مبتلا رہے کہ خدا جانے کس طبقے سے کوئی آدمی براہ راست اس پر مسلط کر دیا جائے گا۔ تمام قواعد کو بالائے طاق رکھتے ہوئے تمام قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے تو وہ کبھی خوشدلی سے کام نہیں کر سکتے اگر ہماری ڈپلومیٹک کور میں یہ تصور ہو فارن آفس میں یہ خیال ہو کہ سفیر کسی مخصوص طبقے سے لائے جا سکتے ہیں اور لائے جائیں گے اور ہمیں اپ گریڈ نہیں کیا جائے گا۔ ہماری صلاحیت کو نہیں دیکھا جائیگا۔ تو وہ افسران کبھی خوشدلی سے کام نہیں کریں گے۔

جناب والا! انتظامیہ عدلیہ اور مقننہ یہ وہ تین ستون ہیں جن کو اگر دیمک لگ جائے تو کسی ملک کا سیاسی ڈھانچہ مستحکم بنیادوں پر استوار نہیں رہ سکتا کاش ہمارے اراکین کمیٹی ان موضوعات کو کبھی چھیڑتے اور مسائل کو وسیع تر توازن میں دیکھتے اور ایسا حل پیش کرتے جس سے پائیدار حل ہوتا جس سے اس ملک میں مارشل لاء کا خاتمہ ہوتا جس سے یہ توقع قائم ہوتی کہ آئندہ ان روایات کا اعادہ نہ ہوگا۔ جو ۲۹ سال تک اس ملک پر سایہ افگن رہے۔

جناب والا! یہ تو وہ صورت حال تھی جو میرے نزدیک ہونی چاہئے تھی میں جانتا ہوں کہ سیاست ممکنات کا کھیل ہے۔ میں جانتا ہوں کہ سیاست میں مہم جوئی نہیں چلتی میں جانتا ہوں کہ مہم جوئی سے مسائل حل نہیں ہوتے یہ ٹھیک ہے

[Maulana Kausar Niazi]

کہ کمیٹیوں کی رپورٹیں اس معیار پر پوری نہیں اتر تیں قوم جتنی توقع کرتی تھی اور ہم اراکین جتنی توقع کرتے تھے لیکن پھر بھی ۲۵ یا ۳۳ فیصد جو بھی کارروان جمہوریت کے لئے ایک راستہ پیدا ہوا میں سمجھتا ہوں کہ قوم کو اس سے فائدہ اٹھا لینا چاہیئے اگر یہ راستہ بھی بند کردیا گیا تو پھر میں نہیں جانتا کہ سیاسی اور جمہوری مستقبل کا کیا ہوگا اس لئے جناب والا! اس ایوان کے سامنے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ ان رپورٹوں کو قبول کرے اور اگر ہم کسی مسئلے میں اختلاف بھی کریں تو اس کا ماحصل جناب والا! اس لئے نہیں ہے کہ سرکاری پارلیمانی پارٹی اکثریت میں ہے اور وہ دو تہائی اکثریت سے فیصلے کرسکتی ہے اور وہ اس رپورٹ کو قبول کرا بھی سکتی ہے اسلئے اس کے سوا اور کوئی راستہ باقی نہیں ہے۔

میں ایوان کے اراکین کے ساتھ ساتھ باہر کے سیاستدانوں سے آپکی معرفت سے یہ اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ وہ معروضی حالات کا تجزیہ کریں وہ دیکھیں آج ملک کس مقام پر کھڑا ہے اور وہ اس روش کو چھوڑ دیں جو محاذ آرائی کی روش ہے وہ سیاست کو آگے بڑھائیں وہ اس کمیٹی کی رپورٹ کے نتیجے میں جو قانون بنے میں اپیل کرتا ہوں اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس پولیٹیکل پروسیس کا حصہ بنیں تاکہ get through ہوں اور اگلے انتخابات کی تیاری کریں جو جماعتی بنیادوں پر ہوگا اور جس کے نتیجے میں لقیناً ایک بہتر جمہوریت اور بہتر پارلیمنٹ قائم ہونے کے امکانات بھی روشن ہیں، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ہمارے باہر کے سیاستدانوں کا رویہ جناب والا! صرف بائیکاٹ کا رویہ بن چکا ہے وہ لوکل باڈیز کا بائیکاٹ کرتے ہیں وہ عام انتخابات کا بائیکاٹ کرتے ہیں وہ اس کمیٹیوں کی رپورٹوں کے نتیجے میں جو قانون بنے گا جو رجسٹریشن کا قانون بنے گا مجھے ڈر ہے ان کا بھی بائیکاٹ کریں گے اور نتیجے میں غیر قانونی سیاسی سرگرمیوں کا اجراء ہوگا اور اس کے نتیجے میں ملک ایک دفعہ پھر محاذ آرائی کی سیاست میں پھنس جائے گا جس کا یہ ملک اب زیادہ متحمل نہیں ہوسکتا ہے، جناب والا! یہ وہ حضرات ہیں جن کے بارے میں اقبال

نے جو شعر کہا تھا وہ صادق آتا ہے ۔

یہ مصرعہ لکھ دیا کس شوخ نے محراب مسجد پہ
کہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا

جب کام کا وقت تھا تو اس وقت تو یہ سجدے میں گر گئے ، جب کھڑے ہو کر مارشل لاء والوں سے یہ کہنے کی ضرورت تھی کہ آپ ۹۰ دن میں انتخابات کرائیں لیکن اس وقت مارشل لاء کیبنٹ کے رکن بن گئے ۔ اس وقت انہوں نے وزارتیں قبول کر لیں لیکن اس کے بعد اپنے پرانے داغ دھونے کے لئے ہر اچھے اقدام کا بائیکاٹ کیا اور اس طرح قوم کو مایوس کر دیا ۔

جناب والا ! میں جو حالات دیکھ رہا ہوں اگر محاذ آرائی کی سیاست ترک کی اگر انہوں نے رجسٹریشن نہ کرائی سیاسی پارٹیوں کی اور اس کے باوجود سیاسی سرگرمیاں جاری رکھیں اور لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ پیدا کیا تو جناب والا ! میں دیکھ رہا ہوں ، خدانخواستہ پھر ملک ایک دفعہ مارشل لاء کے جنگل میں پھنس جائے گا اور اب کے جو اس جنگل میں پھنسا تو پھر وہ حالت ہو گی ۔

اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں
جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں

نہ پھر ہم اور نہ تم نہ یہ پارلیمنٹ ہو گی اور نہ باہر کے سیاستدان ہوں گے پھر جمہوریت کا اور سیاست کا مستقبل تو تاریک ہو ہی جائے گا پھر خطرہ یہ ہے کہ اس ملک کا وجود بھی خاکم بدہن خطرے میں پڑ جائے گا ۔

جناب والا ! میں آپ کے صبر کا اور امتحان نہیں لینا چاہتا میں تلخ نوا تھا مجھے اس کا احساس ہے مگر میں اس ایوان کا اور آپ کا شکر گذار ہوں کہ آپ نے اسے ٹھنڈے دل سے برداشت کیا میری بات وہی ہے جو کسی شاعر نے کہی اور اسی پر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

بہت ہی تلخ نوا ہوں مگر عزیز وطن
میں کیا کروں جو ترا درد بیقرار کرے

جناب چیئرمین: نوا را تلخ ترمی زن چو ذوق نغمہ کم یابی۔ مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکر گزار ہوں لیکن اب اتنی فصیح و بلیغ تقریر کے بعد اور ایک مسلمہ خطیب کے بعد جبکہ ویسے بھی پٹھانوں کی زبان اکڑی اکڑی ہوتی ہے میں کیا عرض کروں۔

بہر حال جناب والا! میرے محترم دوست مولانا کوثر نیازی صاحب نے جن خطرات کی نشاندہی اپنی تقریر میں کی ہے اس کی تفصیلات میں جائے بغیر میری بھی یہی گزارش ہے کہ تمام جدوجہد جو ہم کر رہے ہیں وہ ملک، حکومت اور سیاست کے استحکام کے لئے کر رہے ہیں لیکن میرے خیال میں یہ وہی راستہ ہے جسکا ہم ۳۵/۳۰ سال میں تجربہ کر چکے ہیں اور جس نے اس ملک کو دو لخت کرا دیا ہے جس تناظر میں اور جس پس منظر میں یہ حکومت قائم ہوئی اور یہ اسمبلیاں وجود میں آئیں اور انقلابی نعرے ہمارے سامنے رکھے گئے اور عوام نے جس جوش و خروش سے ریفرنڈم میں حصہ لیا اور الیکشن میں حصہ لیا میرے خیال میں یہ تمام طریقہ کار جو سیاسی کمیٹیوں میں اور سیاسی پارٹیوں کے بارے میں اختیار کیا گیا یہ بالکل اس کے الٹ ہے۔ اور مجھے فکر ہے کہ اس طرح ہم اس سیاسی محاذ آرائی کو دوبارہ زندہ کر دیں گے جسکے ہاتھوں ہم تباہی اور ہلاکت کے کنارے تک پہنچ چکے تھے۔

سب سے بڑا مسئلہ یہی تھا کہ ہم ایوان کو حزب اقتدار اور حزب اختلاف میں تقسیم کئے بغیر فوراً پہلے ہی دن اعلان کر دیتے کہ یہاں حکومت کے سامنے ایک ہی پروگرام ہے، ایک منشور ہے اور وہ خدا کے دین کی بالادستی ہے۔ یہ سارا ایوان حزب اللہ کا کردار ادا کرتا ہے اور قوم کو پکارتا ہے ممبران کو کہتا کہ ۔۔۔ کون اللہ کی راہ میں ہمارے ساتھ چلتا ہے تو میرا خیال ہے کہ کسی ممبر کو بھی کوئی جھجک نہ ہوتی اور وہ بے دریغ ہر قسم کی قربانیاں دیکر اس پارٹی کے ساتھ لگا رہتا ایک حزب اللہ کے انداز میں ہم سب ایک مشن کی طرف چل پڑتے۔ لیکن وہ صرف نعروں کی حد تک نہ ہوتا۔ ایک واضح منشور بھی آجاتا کہ ہمیں شریعت کی بالادستی قائم کرنی ہے اور اس کے لئے ایک انقلابی پروگرام بھی سامنے رکھ دیتے اور اس سال میں ہم تدریجاً ساتھ ساتھ کام بھی کرنے جاتے میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح ہم عوام کو خوش اور مطمئن

بھی کر لیتے اور اللہ اور رسولؐ کی خوشنودی بھی حاصل ہو جاتی اور ملک کو استحکام بھی حاصل ہو جاتا اور جو تخریب کار عناصر ہیں وہ خود اپنی موت آپ مر جاتے۔

جہاں بھی دنیا میں انقلاب آتا ہے میرا خیال ہے کہ انقلابی حکومت اس پرانے طریقہ کار یا پرانے ڈگر پر نہیں چلتی ہے۔ اور آزمائے ہوئے نسخوں کو دوبارہ نہیں آزماتی روس ہمارے سامنے ہے، چین ہمارے سامنے ہے، ابھی ایران کا انقلاب ہمارے سامنے ہے خواہ سخت ہے یا غلط ہے یا صحیح ہے اس سے بحث نہیں ہے لیکن وہ ساری پارلیمنٹ وہ ساری قوم اور حکومت ایک ہی ڈگر پر چل پڑی ہے اس طرح ہر قوم منزل مقصود تک پہنچ جاتی ہے۔ لیکن ہم اگر پارلیمنٹ کے اندر ایک سیاسی استحکام پیدا کر بھی لیں تو وہ سیاسی استحکام ہمیں باہر کوئی فائدہ نہیں دے سکے گا۔ ہم سیاست کے بارے میں بھی عجیب مختلف اور متضاد راستوں پر چلتے ہیں کبھی کسی کو تخریب کار قرار دے دیتے ہیں اور دوسرے دن ہم اس کے اعزاز و اکرام میں ساری محنتیں اور قوتیں خرچ کر دیتے ہیں۔

مثال کے طور پر عرض ہے میں کسی کو برا نہیں کہتا۔ آج کے اخبارات میں آیا ہے کہ ایک شخص جو باہر قتل ہوا ہے یا وفات پا چکا ہے اس کے لئے چارٹرڈ طیارے حکومت نے بک کرائے اور اسے سنگاپور سے گھر تک لائے۔ کبھی تو ہم نے کہا کہ وہ قتل کر رہا ہے دنیا بھر میں تخریب کاری کر رہا ہے اگر اسی طرح ہم نے ان تخریبی عناصر کی پھر حوصلہ افزائی کی اور یہ دوغلی پالیسی ہم نے اختیار کی اور پھر ان سینکڑوں تخریب کاروں کو چھوڑ دیا تو پھر آپ انکے ہاتھ نہیں روک سکیں گے۔

ایک معزز ممبر: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! ایک مرے ہوئے آدمی کے متعلق یہاں کچھ نہیں کہنا چاہیئے۔

مولانا سمیع الحق: ہم تو اس کے متعلق کچھ نہیں کہتے ہم تو حکومت کے بارے میں کہتے ہیں۔ اس بیچارے نے کیا کیا ہے۔ میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ وہ تو وفات پا گیا ہے اللہ اسے غریق رحمت کرے۔ لیکن حکومت نے پہلے اسے مفرور قرار دیا پھر قاتل کہا۔ اس نے لوگوں کو قتل کیا اور حکومت نے اس کے لئے جہاز اور جلوس کے لئے کاریں مہیا کیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آگے جو سیاست آ رہی ہے...(مداخلت)

**Mr. Javed Jabbar:** Point of Order; there is no case against the deceased....no conviction, Sir.

**Mr. Chairman:** Let the Member go into this.

مولانا سمیع الحق: جناب والا! میں مختصر کرتا ہوں کہ ان چار مہینوں میں مارشل لاء ختم کرنے کا اعلان وزیر اعظم صاحب نے کر دیا ہے ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں لیکن چار مہینے اگر ایسے گزر گئے تو ہم پھر قوم کو ۱۹۷۷ء کے موڑ پر چھوڑ دیں گے اگر قوم کو ساتھ لے کر چلنے کا متبادل انتظام نہ کیا پھر وہ دور کا سہرا ہمارے ہاتھ سے گم ہو جانے کے مترادف ہو گا اور ایسے معلوم ہو گا کہ اس کا سرا نہیں مل رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان چار مہینوں میں پورے انقلابی طریقہ پر منافقت سے نہیں بلکہ صحیح اور ایمانداری سے پوری حکومت اور پارلیمنٹ اسلامی حکومت کی داغ بیل ڈالے قوم کو اعتماد میں لے اب قوم اگر ان کا ساتھ دے گی تو پھر انشاءاللہ کوئی تخریب کار یا ایم آر ڈی والے ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ وآخر دعونا ان الحمدللہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب محسن صدیقی صاحب۔۔۔ وہ تو میرے خیال میں آج غیر حاضر ہیں۔۔۔ جناب عبداللہ خان رودکڑی صاحب۔

امیر عبداللہ خان رودکڑی: جناب چیئرمین صاحب! پہلے تو میں معافی مانگتا ہوں کہ میں پہلی دفعہ حاضر نہیں تھا۔ میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے دوبارہ مجھے موقع دیا۔

جناب والا! سب سے پہلے جس وقت میں پہنچا ہوں تو میرے چھوٹے بھائی نیازی صاحب تقریر فرما رہے تھے۔ انہوں نے جن خیالات کا اظہار کیا میں ان کی پوری تائید کرتا ہوں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کمیٹی کا دائرہ واقعی اتنا محدود تھا کہ اس کے اندر سوائے اس کے کہ ہم بھی رائے دے سکے اور اس رائے کے اندر ہم نے اپنی طرف سے پوری محنت اور کوشش کی کہ جتنی جلدی ہو سکے یہاں سے مارشل لاء رخصت ہو وہاں یہ سوال کہ یہ مارشل لاء کس طرح جائے اور کیسے جائے میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت نے جو قدم اٹھایا ہے نہایت

ہی نیک نیتی سے اور خوشی سے یہ مسئلہ قبول کیا ہے کہ دسمبر سے پہلے یا دسمبر سے فوری بعد یعنی جنوری سے پہلے مارشل لاء اٹھا دیا جائے میں اس کے لیے وزیر اعظم صاحب کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے ایک نہایت ہی جرأت مندانہ فعل انجام دیا اور میں خاص طور پر ان سے اس لیے زیادہ خوش ہوں کہ انہوں نے اس مقام پر یہ اعلان کیا جس مقام پر پاکستان بننے کا اعلان ہوا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ وہ اپنی ساری طاقت لگا دیں گے لیکن اگر مارشل لاء نہ اٹھا تو مجھے یقین ہے کہ وہ استعفیٰ دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

جناب والا! اب ہماری کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ ہم چھوٹی چھوٹی باتوں میں نہ الجھیں اور ہم کوشش کریں کہ جو کچھ نیشنل اسمبلی والے کہتے ہیں اگر وہ کسی بات پر اتفاق نہیں کرتے تو ہم ان کے ساتھ اتفاق کر جائیں تاکہ ہمارا یہ مسئلہ الجھنے کی بجائے آپس میں سلجھ جائے اور کسی کو یہ بہانہ نہ ملے کہ ہم لوگوں نے مارشل لاء اٹھانے میں دیر کی ورنہ مارشل لاء تو اٹھانے والے مارشل لاء اٹھا دیتے۔

جناب والا! میں یہ بھی جانتا ہوں کہ اقتدار سے پیاری دنیا میں کوئی چیز نہیں ہے۔ جناب ہسٹری یہ بات کہتی ہے میں بہت آگے چلا جاؤں گا اس لیے میں یہ کہوں گا کہ یزید کو پورا علم تھا حضرت امام حسین علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے تھے لیکن اقتدار کے لیئے انہیں بہت کچھ کرنا پڑا۔ اقتدار اتنی پیاری چیز ہے کہ شاہجہان کو اورنگ زیب نے اقتدار واپس نہ دیا حالانکہ وہ اس کا بیٹا تھا۔ جہانگیر نے اپنے بڑے بیٹے کو آنکھوں سے اندھا کیا صرف اقتدار سے محروم کرنے کے لیئے جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اقتدار چھوڑنا اتنا آسان نہیں ہے جتنا ہم سمجھ چکے ہیں۔ اس لیئے میں سارے ہاؤس سے اپیل کروں گا کہ ہر قیمت پر ہر حالت میں ہمیں اس گورنمنٹ سے تعاون کرنا چاہیئے

(Amir Abdullah Khan Rokari]

تاکہ یہ مارشل لاء اٹھانے کا جو الزام ہے یہ ہمارے ذمّے نہ لگے کہ اگر نہ اٹھایا تو لوگوں کو پتہ لگ جائے گا کہ کس نے نہیں اٹھایا اگر اٹھایا جائے تو لوگوں کو پتہ چل جائے کہ کس نے اٹھایا ہے۔

جناب والا! میں بہت آگے چلا گیا ہوں۔ میں معافی چاہتا ہوں۔ بہرصورت ایک چھوٹی سی اور الجھن پیدا ہو گئی ہے کہ رجسٹریشن اب ہو یا پہلے جو جماعتوں نے رجسٹریشن کرائی تھی وہ قائم رکھی جائے۔ ہماری کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ کہ جن جماعتوں نے پہلے رجسٹریشن کرائی تھی اس کو بحال رکھا جائے لیکن جہاں تک میرا اندازہ ہے کہ ایم این اے صاحبان نے اس سے تھوڑا سا اختلاف کیا ہے۔ میں ہاؤس سے اپیل کروں گا کہ ہم ان کی یہ بات بھی مان لیں تاکہ ہمارا آپس میں کسی قسم کا اختلاف نہ رہے اور ساری پارٹیوں کو نئے سرے سے رجسٹریشن کرانی چاہیئے۔ جناب والا! میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ میں نے جس کمیٹی کا میں ممبر ہوں میں نے اس وقت بھی پورا اتفاق کیا اور اب بھی مجھے اس کی رپورٹ سے پورا اتفاق ہے۔ لیکن یہ ترمیم میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ میں یہ نہیں چاہتا کہ کسی طریقے سے کسی کو بھی یہ بہانہ مل جائے کہ ہم اس مسئلے کو delay کر رہے ہیں۔

جناب والا! اگر میں آپ کو پاکستان کی تاریخ بیان کروں تو میں علامہ اقبال سے شروع کروں گا الہ آباد میں جو ریزولیوشن پاس کیا گیا وہ ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو اس نے پیش کیا تھا اس میں صرف مغربی پاکستان کا نقشہ تھا اس میں مشرقی پاکستان کا ذکر نہیں تھا اس سے بہت پہلے، میں آگے چلا جاؤں گا یہاں ایک ممبر بیٹھے ہیں جو اس وقت ہوم منسٹر ہیں انہوں نے لندن میں ایک جماعت بنائی تھی جس کے ممبر چوہدری رحمت الٰہی بھی تھے جنہوں نے اس پاکستان کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے پاکستان کا آئیڈیا دیا تھا پاکستان کے جو حروف ہیں جناب، "پ" جو ہے یہ پنجاب کے لیئے ہے "ک" جو

ہے کشمیر کے لیئے ہے، "س" جو ہے سرحد اور سندھ کے لیئے ہے "ن" جو ہے بلوچستان کے لیئے ہے، جناب والا! اسی طریقے سے ان حروف کا مجموعہ پاکستان کا لفظ بنا - یہ تو وزیر داخلہ بہتر بتا سکیں گے کیوں کہ یہ اس کے ممبر تھے - بہر صورت پاکستان کی اسی طرح بنیاد رکھی گئی - بعد میں حالات نے پلٹا کھایا اور قائداعظم نے دونوں wings کا اعلان کر دیا اور خدا کے فضل و کرم سے پہلا جو ریزولیوشن ہے، اگر جناب اجازت دیں تو میں ۱۹۴۰ء کا ریزولیوشن بھی پڑھ دیتا ہوں اس میں یہ تھا کہ ملک کے دو آزاد ونگ ہوں گے ویسٹ انڈیا کا شمال مغربی حصہ اور بنگال کا مشرقی حصہ - اس کے بعد اور آگے آئیں جب گاندھی نے یہ ریزولیوشن پڑھا تو میں جناب کو عرض کروں کہ گاندھی نے قائداعظم کو ۱۵ / ستمبر ۱۹۴۴ء کو چٹھی لکھی کہ یہ جو پاکستان آپ بنا رہے ہیں کیا اس کے سارے یونٹ آزاد ہوں گے یا ان کی کیا شکل ہو گی - جناب والا! اس کا جواب ۱۷ ستمبر ۱۹۴۴ کو قائداعظم نے اس کو یہ دیا کہ آپ یہ ایک یونٹ سمجھ لیں یہ ایک اتحادیہ ہوں گے اور یہ بھائی ہوں گے اور یہ ایک حکومت ہو گی، ایسٹ اور ویسٹ کی -

جناب والا! ہماری بدقسمتی کہ قائداعظم فوت ہو گئے، لیاقت علی کو ہم نے خود قتل کیا، اکتوبر ۱۹۵۱ء سے لے کر جناب آج تک ہم مارشل لاء میں ہیں - ہم مارشل لاء سے باہر کبھی نہیں رہے - فرق صرف اتنا تھا، پہلے غلام محمد کا مارشل لاء رہا جس نے مشرقی پاکستان کو علیحدہ کرنے کی بنیادیں رکھیں اگرچہ یحییٰ خان نے عمل درآمد کیا اور مارشل لاء نافذ کیا - جس وقت غلام محمد نے خواجہ ناظم الدین کو ڈسمس کیا تھا اسی دن سے ایسٹ اور ویسٹ میں فرق پیدا ہونا شروع ہو گیا تھا - اس کے بعد یہاں تک ہوا کہ جناب محمد علی بوگرہ کو جو کہ امریکہ میں سفیر تھے وہاں سے لایا گیا - اس کو دس دن کے بعد ہی رخصت کر دیا گیا - جناب والا!

[Amir Abdullah Khan Rokri]

ایسا ایسا کھیل کھیلا گیا کہ ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۸ء تک آپ کے سات پرائم منسٹر تبدیل ہوئے - ہمارے ساتھ یہ مذاق بن گیا کہ کسی نے نہرو کو کہا کہ بھئی تم پاکستان کے کسی لیڈر سے بات کیوں نہیں کرتے تو اس نے مذاقاً یہ جواب دیا کہ میں کس سے بات کروں میں اتنی جلدی دھوتی نہیں بدلتا جتنی جلدی پاکستان کے پرائم منسٹر بدلتے ہیں - جناب والا! میں گستاخی سے بہت آگے چلا گیا ہوں - میں عرض کر رہا تھا اس کے بعد جناب سکندر مرزا کی باری آئی تو سکندر مرزا نے اس بے زبان لولے لنگڑے کی چارپائی صدر ہاؤس سے باہر پھینکوائی اور خود حکومت پر قبضہ کر لیا - ایک اور بیوروکریٹ ہمارے اوپر مسلط ہو گیا جناب، اس کا مارشل لاء لگا اس کا خیال تھا کہ میں کامیاب ہو جاؤں گا آئندہ الیکشن کرانے کا اس کا ارادہ کیوں بدلا - میں نیازی صاحب سے اتفاق کروں گا - مرحوم قیوم خان کا جب جلوس جہلم سے گجرات تک جب ایک ہی قطار میں دیکھا تو اس نے اپنا ارادہ بدل دیا اس نے سمجھ لیا کہ میں ری پبلکن پارٹی کو کامیاب نہیں کرا سکتا اور یہ قیوم خان آتا ہے - جناب والا اس نے مارشل لاء نافذ کر دیا -

جناب والا! جب سکندر مرزا نے مارشل لاء نافذ کیا اس وقت اس نے ایوب خان کو بطور وزیر دفاع بلایا، ساتھ ہی اس نے اپنے خیالات کے مطابق جنرل موسیٰ کو کمانڈر انچیف بنانے کا خیال کیا کہ جنرل موسیٰ جو ہے میرے کام آئے گا اور اس کے بعد میں ایوب خان کو رخصت کر دوں گا - ان کے تھوڑے سے اختلافات شروع ہو گئے - اتفاق سے میں ان دنوں میں کراچی میں خاص ڈیوٹی پر تھا - جناب والا! وہاں کیا ہوا ایوب خان کے کام کون آیا، یہ ایئر مارشل اصغر خان آیا - یہ جناب ائر فورس کا کمانڈر انچیف تھا اس نے موسیٰ خان کو کہا کہ آؤ یہاں آ کر میرے ساتھ بیٹھو کہ میں تمہیں دکھاؤں کہ امریکہ کا ساتواں بیڑا کہاں کھڑا ہے - اگر تو

نے کوئی ایسی ویسی بات کی تو ہو سکتا ہے کہ کوئی اور انقلاب آجائے موسیٰ وہاں سے رخصت ہو کر راولپنڈی پہنچ گیا اور سکندر مرزا جناب زاہدی صاحب کا مہمان ہو گیا۔ سکندر مرزا چلا گیا تو فیلڈ مارشل لاء ایوب خان کا مارشل لاء آیا، ملک کے اندر تحریک چلی اور عوام نے یہ کہا کہ ایوب کتا ہے۔ جب یہ تحریک چلی تو اس نے ارادہ بدل لیا اور استعفیٰ دینے کے لیے تیار ہو گیا لیکن اس نے ایک گول میز کانفرنس بلائی۔ گول میز کانفرنس میں اس نے مجیب کو دعوت نہیں دی۔ انہی لیڈروں نے جن کا نیازی صاحب نے ذکر کیا ہے یہ مطالبہ کیا کہ مجیب جب تک اس گول میز کانفرنس میں نہیں ہو گا ہم گول میز کانفرنس میں نہیں بیٹھیں گے۔ فیلڈ مارشل لاء ایوب خان نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر الیکشن کرائے گا۔ لیکن بہت سی نیتیں بد تھیں اور کوئی بڑی طاقتیں بھی اس میں دخل رہی تھیں نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے چھٹی لی اور یہ کاروبار اس نے یحییٰ کے سپرد کیا یحییٰ خان جس وقت ایران گیا تھا۔ شاہ ایران نے اس کو کہا۔۔۔۔ جناب ممکن ہے میں زیادہ وقت لے رہا ہوں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اگر اختصار سے کام لیں تو بہتر ہو گا۔

امیر عبداللہ خان روکڑی: جناب! میں اس کہانی میں نہیں جاتا اتنا ہی عرض کرتا ہوں۔ بہرصورت ۱۹۷۱ء میں ہمارا جو حشر ہوا وہ آپ نے بھی دیکھا اور میرے دوستوں نے بھی دیکھ لیا۔ جناب اب ہمیں کیا کرنا ہے یہ جو حصے بچ گئے ہیں ان کو ہم نے ہر قیمت پر اکٹھا رکھنا ہے۔ جب تک بڑا بھائی چھوٹے بھائی کو ترجیح نہیں دے گا، چھوٹا بھائی جب تک بڑے بھائی کی تعظیم نہیں کرے گا۔ یہ ملک نہیں چل سکے گا۔ جناب والا! میں پھر وہی بات دہراتا ہوں کہ چند نوکریوں کے لئے چند خود غرضوں نے ہمارے مشرقی

[Amir Abdullah Khan Rokri]

پاکستان کو علیحدہ کروایا تھا اب پھر وہی کام کر رہے ہیں ہم سے پاکستان تڑوانا چاہتے ہیں اس بہانے پر کہ چھوٹے صوبوں کو بڑا کھا رہا ہے جناب والا! میں اسی لیے یہ عرض کر رہا ہوں اس وقت بھی اس بڑے صوبے کو یہ کہا جاتا تھا کہ چھوٹا کھا رہا ہے اور وہ الزام پنجاب کے سر تھا اب پھر یہ ذمہ داری پنجاب کے کندھوں پر ڈالی جا رہی ہے۔ میں ایک پنجابی کی حیثیت سے یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم چھوٹے صوبے کی ہر بات ماننے کے لیے تیار ہیں اور میں گورنمنٹ کو بھی اپیل کروں گا خدا کے نام پر اپیل کروں گا پاکستان کے نام پر اپیل کروں گا کہ چھوٹے صوبوں کے حقوق پورے دیں۔ اگر نہیں دیں گے تو یہ ملک نہیں رہیگا۔ میں نے بلوچستان سے ووٹ نہیں لینے ہیں، میں نے سندھ سے ووٹ نہیں لینے ہیں۔ میں نے پاکستان سے لینے ہیں اس لئے یہ بات بار بار کہہ رہا ہوں۔

جناب والا! میں نے آپ کا بہت وقت لیا ہے۔ میری صرف اتنی ترمیم تھی۔ میں اپنے ساتھیوں خاص طور پر اپنی کمیٹی کو یہ درخواست کروں گا کہ ہم جھک جائیں اگر نیشنل اسمبلی والے نہیں جھکتے تو ان کی تجویز کے ساتھ ہم اتفاق کر لیں تاکہ جانے والوں کو جانے کے لیے راستہ نہ ملے اس کے بعد میں جناب کا شکریہ ادا کرتے کے بعد ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ، جناب قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہ و نصلی علی رسول الکریم۔ جناب والا! میرے دوستوں نے اپنے قیمتی خیالات کا اظہار فرمایا۔ ہمارے قابل احترام دوست کوثر نیازی صاحب نے بہت چیزوں کی نشاندہی کی لیکن افسوس یہ ہے کہ وہ اپنے موضوع سے ہٹ کر بولے تھے میرے سامنے وہ پمفلٹ موجود ہے جس کا عنوان ہے "ملک میں سیاسی جماعتوں کے بارے میں خصوصی کمیٹی کی رپورٹ" ہمارے معزز دوست نے دستور کی وہ ساری دفعات پڑھ کر سنائیں جو کسی ملک کا دستور

ہوتا ہے لیکن مجھے افسوس ہے اور میں یہ کہوں گا کہ آج ملک کے اندر ایک ایسا طبقہ موجود ہے جو اس ملک کو لاقانونیت کے حوالے کرنا چاہتا ہے، آج سے نہیں ۱۹۷۳ء کا دستور جب بنا تو ۱۹۷۵ء اور ۱۹۷۶ء کے اندر ہی ہمارے کانوں کے اندر یہ آوازیں آنے لگیں کہ یہ دستور ختم ہو چکا ہے اس کے بعد جو کچھ ہوا۔ کس نے کیا۔ اب وہ دونوں فریق آپس میں ملے ہوئے ہیں۔

میں اس تفصیل میں نہیں جاؤں گا اتنی گزارش کروں گا کہ مارشل لاء کسی ملک کے لیے کوئی نعمت نہیں ہوتا۔ مارشل لاء کسی ملک کے مسائل کا حل نہیں ہوتا وہ ایک بحرانی کیفیت ہوتی ہے۔ جب تحریک چلائی گئی تھی تو میں بھی ان محرکین میں سے تھا۔ اس کے بعد مارشل لاء آیا تو میں اپنے دوستوں سے یہ پوچھوں گا کہ اس مارشل لاء کا خیر مقدم کس نے کیا تھا اور اس مارشل لاء کے آنے پر مٹھائیاں کس نے بانٹی تھیں اور اس مارشل لاء کو طول دینے کے لیے کس نے کہا تھا کہ پہلے احتساب اس کے بعد انتخابات اور بڑے عرصے تک یہ آوازیں آتی رہیں کہ پہلے احتساب اس کے بعد انتخاب مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ جلسہ عام کے اندر یہ کہا گیا تھا جب کہ ہمارے مفتی محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا بغیر وضو کے نماز ہو جاتی ہے اور اگر بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ پہلے تطہیر، پہلے احتساب اور اس کے بعد انتخاب"۔ جس پر مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کھڑے ہو کر یہ کہا تھا کہ ہاں وضو اتنا لمبا نہیں ہونا چاہیے کہ نماز قضاء ہو جائے۔

میں گزارش کروں گا کہ ہم اس وقت سے اسی خیال میں ہیں اور ہمارا ذہن یہ ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ مارشل لاء کسی ملک کیلئے کوئی نعمت نہیں ہے۔ اس کو جتنا جلد ختم کیا جائے اتنا ہی بہتر ہوتا ہے لیکن سوال یہاں

[Qazi Abdul Latif]

یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کی طوالت کی ذمہ داری اس وقت کس پر ہے۔ اس کو طوالت اب کون دے رہا ہے میں یہ فخر کی بات تو نہیں کہتا لیکن تحدث نعمت کی بات ضرور کہتا ہوں کہ ہم نے مارشل لاء کی تاریخ کو دیکھا ہے اور جہاں کہیں بھی افرو ایشیائی ممالک میں مارشل لاء آیا اور جس طریقے سے اس کو ہٹانے کی تجاویز اور تدابیر کی گئیں اس کا نتیجہ دوسرے مارشل لاء کی صورت ہی میں نکلا ہے اور آج تک ہم دیکھ رہے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہم نے اس سے عبرت نہیں لی۔ نیک بخت وہی ہوتا ہے کہ جو دوسرے کے حال کو دیکھ کر اس سے عبرت حاصل کرے۔

مارشل لاء کا ہٹانا تشدد سے نہیں ہوتا وہ تخریب کاری سے نہیں ہوتا وہ محاذ آرائی سے نہیں ہوتا مجھے افسوس ہے کہ اس محاذ کے اندر بعض ہمارے وہ دوست بھی ہیں جن کا میں بڑا احترام کرتا ہوں۔ مگر افسوس یہ ہے کہ راستہ انہوں نے وہ اختیار کیا ہے جو کہ مارشل لاء کی طوالت کا باعث ہے۔ ہم مارشل لاء کے ہٹانے کے لیئے آئے ہیں۔ شوریٰ کے اندر ہم نے حصّہ لیا ہے اور مارشل لاء کو ہٹانے اس مقام تک لانے میں ہمارا بھی ہاتھ ہے انتخابات کروانے میں ہمارا بھی ہاتھ ہے یہ عجیب فلسفہ ہے کہ کہا تو یہ جاتا ہے کہ ملک کے اندر انتخابات ہوں لیکن انتخابات کا اعلان ہوتے ہی اس کا بائیکاٹ کیا جاتا ہے ہماری سمجھ میں۔ یہ بات نہیں آتی کہ آئینی طور پر لڑائی کیسے کہا جاتا ہے۔

میں شاید اپنے موضوع سے دور چلا جا رہا ہوں۔ میں نے گزارش کی تھی کہ ہمارے ذمے جو کام ہوا تھا اس کے اندر یہ چیز تھی "ملک میں سیاسی جماعتوں کی بحالی کے بارے میں خصوصی کمیٹی کی رپورٹ" اور مجھے خوشی ہے اخبارات نے ہماری اس رپورٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔ سیاست دانوں نے

ہماری اس رپورٹ کا خیر مقدم کیا ہے جو چیز ہمارے سپرد کی گئی تھی اس پر ہمیں الحمداللہ خوشی ہے اس پر اور میں فخر سے کہتا ہوں اور فخر وہی کہ تحدیث نعمت کے طور پر میں کہتا ہوں کہ ہم نے اپنا فریضہ پورے طریقے سے ادا کیا ہے۔ ہمارے سپرد یہ چیز تھی کہ اس ملک کو اس بحران سے نکالنے کا ذریعہ اس وقت کیا ہو گا۔ مارشل لاء ہٹنے کے بعد اگر کوئی بحران آتا ہے یا کوئی خطرات آتے ہیں یا کوئی خلا پیدا ہوتا ہے تو اب اس خلاء کو ہٹانے کے لیئے اس خلاء کو پر کرنے کے لیئے طریقہ کار کیا ہے ہم نے اسی کے متعلق اپنی رپورٹ دی ہے اور اس لحاظ سے کہ اس خلاء کو پُر کرنے کے لیئے جو مندرجات اس کے اندر آئے ہیں مجھے خوشی ہوتی کہ ہمارے محترم کوثر نیازی اگر ان کے متعلق ہمیں کچھ مشورے دیتے کہ اس رپورٹ کے اندر یوں ہونا چاہیئے۔ انہوں نے ہمیں دستور کے دفعات پڑھائے ہیں۔ انہوں نے فرمایا عدلیہ، مقننہ اور انتظامیہ یہ سارے تو دستور کے اندر ہوتی ہی ہیں اگر اسی کے اندر وہ ہمیں کچھ خامیاں بتلاتے اور ہمیں مشورہ دیتے کہ اس کے اندر یوں ہونا چاہیئے۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک عام حالات ہوتے ہیں اور ایک عارضی حالات ہوتے ہیں عام حالات کے لحاظ سے تو ہم جب نماز پڑھتے ہیں تو وضو ہمارے لئے فرض ہوتا ہے لیکن بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ جب کوئی عارضی حالات آجاتے ہیں تو ہم تیمم بھی کر لیتے ہیں۔ ہم نے اس ملک کو اس بحران سے نکالنے کے لیئے جو قدم اٹھایا اور تدریجاً اس کی طرف ہم جا رہے ہیں۔ میں حکمرانوں سے بھی یہ گزارش کروں گا کہ وہ بھی اس ملک کی نزاکت اور حالات کی نزاکت کو سمجھیں یہ حالات جس طریقے سے آتے ہیں اسی طریقے سے چلے بھی جاتے ہیں۔

بے خبر دیکھ تو دو دن کی جوانی پہ نہ جا
آنی جانی ہے یہ اس عشرت فانی پہ نہ جا

[Qazi Abdul Latif]

اس فسون ساز کی آشفتہ بیانی پہ نہ جا
آنکھ رکھتا ہے تو دریا کی روانی پہ نہ جا
ہم نے دریاؤں کو چڑھ چڑھ کر اترتے دیکھا
ہم نے طوفانوں کو آ آ کے گزرتے دیکھا

اس ملک کے اندر بڑے طوفان آئے لیکن وہ گزر گئے۔ ہم بھی جیلوں میں گئے ہم نے بھی لاٹھیاں کھائی ہیں ہم نے بھی تشدد سہے ہیں اور ان تمام حالات سے گزر کر آئے ہیں لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ جن حالات میں اور جہاں پر ہم آج کھڑے ہیں اور جس بحران میں آج ہم مبتلا ہیں اگر چھوٹی سی غلطی بھی ہم سے سرزد ہوئی تو ہمارا انجام بھی خدانخواستہ افغانستان سے بدترین ہو گا اس لیے کہ ان کے لیے جائے پناہ ہے ہمارے لیے جائے پناہ کون سی ہو گی۔ اس لیے میں دونوں طبقوں سے یہ گزارش کروں گا جن کے ہاتھ میں اقتدار ہے وہ بھی ہوش سے کام لیں ان کو سوچنا چاہیے کہ ہم کہاں جا رہے ہیں۔ مجھے اپنے دوست کوثر نیازی کے اس جملے سے اتفاق ہے جو انہوں نے فرمایا تھا کہ پھر اس کے بعد نہ تم رہو گے اور نہ ہم جناب والا!

میری گزارش یہ ہے کہ ایک ـــ طبقہ آج بھی اس کوشش میں لگا ہوا ہے کہ اس آئین کو ختم کیا جائے۔ اور میں کہتا ہوں ۷۵ء سے یہ آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔ آج اگر ان کا یہ مطالبہ تسلیم کر لیا جائے کہ ہم اسی دستور کے مطابق انتخابات کراتے ہیں جو ۷۳ء کا دستور ہے پھر بھی وہ اس کو تسلیم نہیں کریں گے۔ میں پہلے سے یہ کہتا ہوں، میں نے شوریٰ کی کمیٹی کے اندر جو رپورٹ دی تھی اس کے اندر اختلافی نوٹ کے اندر میں نے لکھا تھا آپ یقین کیجیے اگر انتخابات ان کے مطالبے کے مطابق بھی ہوئے پھر بھی اس کے نتائج کو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے میں نے اس کے اندر بھی تجویز دی تھی۔ آج بھی میں وہ تجویز دہرا رہا ہوں اور میں کہتا ہوں کہ مارشل لاء کو اٹھانا چاہیے مارشل لاء

مسائل کا حل نہیں ہے مشکلات کا حل نہیں ہے۔ دنیا کے اندر اس کا بہت برا اثر پڑتا ہے۔ مارشل لاء کو جلد سے جلد ختم کیا جائے۔ لیکن میں یہ کہوں گا کہ سیکورٹی کونسل جس کے اندر آپ کے نمائندے ہیں وزیر اعظم ہے وزراء اعلیٰ ہیں، سپیکر ہے، چیئرمین ہے یہ سارے آپ کے نمائندے ہیں اور با اختیار نمائندے ہیں اور آپ لوگوں نے ان پر اعتماد کیا ہوا ہے، قائم ہونی چاہیئے اس لیئے کہ ہمارے ملک کی ایک کنٹرولنگ اتھارٹی ہو، اس کو کیوں جمہوریت کے خلاف کہا جاتا ہے۔ جس جمہوریت کا ہم نعرہ لگاتے ہیں۔ اور ہم کہتے ہیں کہ ہم مغربی جمہوریت کی تقلید کر رہے ہیں پارلیمانی جمہوریت ہم نے وہاں سے مستعار لی ہوئی ہے وہاں تو شاہی بھی موجود ہے آپ اس پر لعنت نہیں بھیجتے۔ وہاں پریوی کونسل بھی موجود ہے ان کے بھی اختیارات ہیں اور جب تک ان کی سیاسی جماعتیں اس معیار تک نہیں پہنچی تھیں۔ ان کی پریوی کونسل با اختیار تھی اور سارے مسائل وہاں حل ہوا کرتے تھے۔

میں عرض کروں گا، کہ آج کے مسائل کے حل کے لیئے ہم نے یہ رپورٹ دی ہوئی ہے میں کہتا ہوں اس رپورٹ کے اندر جو کچھ ہم نے عرض کیا ہے الحمدللہ مجھے اس پر فخر ہے ہمارے اخبار نویسوں نے، ہماری صحافت نے اور دانشوروں نے اس پر نکتہ چینی نہیں کی بلکہ اس کا خیر مقدم کیا ہے ہماری رپورٹ کا زیادہ خیر مقدم ہوا ہے۔ اور دوسری بات میں یہ گزارش کروں گا آج کے بحران سے نکلنے کے لیئے اور اس خلاء کو پر کرنے کے لیئے اور آنے والے خطرات کو جو ہم دیکھ رہے ہیں کہ سرخ خطرات آ رہے ہیں ہم دیکھ رہے ہیں کہ سرخ اندھیری آ رہی ہے، یہ سیلاب آ رہا ہے، کنٹرول کے لیئے ہم نے بند باندھنا ہے اور اس بند باندھنے کے لیئے میں یہ عرض کروں گا ہمیں سیکورٹی کونسل قائم کرنی ہوگی۔ ان الفاظ کے

[Qazi Abdul Latif]

ساتھ میں اپنی یہ چند معروضات ختم کرتا ہوں۔

وآخر الدعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اذان کا وقت ہو رہا ہے تو ہاؤس کو adjourn کیا جاتا ہے، بجائے ۲ منٹ پر پھر دوبارہ ملیں گے ۔

(THE HOUSE ADJOURNED FOR MAGHRAB PRAYERS)

---

[The House re-assembled after Maghrab Prayers, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.]

---

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ میرے خیال میں شروع کرتے ہیں ۔ کورم پورا ہے ۔ پروفیسر صاحبزادہ الیاس صاحب ۔

صاحبزادہ الیاس : جناب چیئرمین صاحب ! میرا ارادہ تھا کہ میں نفس مضمون کے متعلق اختصار کے ساتھ کچھ نکات پیش کروں لیکن جو سیشن ابھی تک ہو چکا اس میں مارشل لاء کے متعلق کچھ ایسی باتیں ہوئیں جن سے مجھ پر فرض عائد ہوتا ہے کہ میں اپنی ضمیر کی آواز پر لبیک کہوں اور چند گزارشات پیش کروں ۔

جناب چیئرمین : میری درخواست پھر بھی یہی ہو گی کہ اختصار سے کام لیں ۔

صاحبزادہ الیاس : بہت اختصار سے عرض کروں گا ۔ جناب والا ! ہم مسلمان ہیں ہمارا عقیدہ ہے الخیر و فی ما وقع اور اسی طرح دوسری جگہ آیت ہے عسیٰ ان تکرہوا شیئاً وھو خیر لکم اور انگریزی میں بھی اسے کہا گیا ہے کہ blessing in disguise جو مارشل لاء اب رخصت ہونے والا ہے اور اس مارشل لاء کے دوران جو ترقیاتی کام اور اسی طرح سے اسلامی معاشرے کی پیش رفت کے لیئے اسلامی نظام زکوٰۃ عشر اور اس طریقے سے دوسرے مقاصد کے لیئے جو کچھ ٹھوس بنیادیں فراہم کی گئی ہیں مجھے اور میرے خیال میں میرے ہم خیالوں کو اس پر فخر ہونا چاہیئے ۔ حکومت نے جتنی جلدی

ہو سکا ۱۹۷۹ء میں بلدیاتی اداروں کے انتخابات کرا دیئے ۔ زکوٰۃ و عشر کے سلسلے میں جو بھی ادارے قائم کرنے تھے، وہ قائم ہوئے ۔ صوبائی اور مرکزی مجالس شوریٰ کا قیام عمل میں لایا گیا میں خود چھ سال تک صوبائی مجلس شوریٰ کا ممبر رہا ۔ اس میں، زکوٰۃ و عشر کے سلسلے میں جو کچھ مجھ سے خدمت ہو سکی، میں نے کی ہے ۔ جب ہم نے اشتراک عمل کیا ہے اور جب ہمارا مقصد مشترک ہے اور جب ہم آئیندہ کے لیئے بھی نہایت احتیاط کے ساتھ خدا پر بھروسہ کر کے اسلامی نظام کے قیام کے لیئے آگے بڑھ رہے ہیں تو اس پر لعنت، ملامت اور ندامت کی کوئی ضرورت نہیں ۔

اب میں نفس مضمون کی طرف آتا ہوں ۔ اس ایوان کی پیروی کرتے ہوئے، میں جناب صدر محترم اور ان کے رفقائے کار نے جن میں آپ کی ذات بابرکات بھی شریک ہے ما جو کچھ بھی مساعی جمیلہ کی ہے اس پر ہم آپ کو مبارک باد دیتے ہیں ۔ اسی طرح مارشل لاء کو جلدی اٹھانے کے لیئے ہمارے وزیراعظم جو کاوشیں دن رات کر رہے ہیں، وہ بھی باعث مسرت اور باعث شکریہ ہیں ہم ان کو بھی مبارکباد دیتے ہیں ۔

جناب والا! میں نے اس کمیٹی کے چیئرمین صاحب کو اس وقت بھی چند تجاویز پیش کی تھیں جن میں سے چند اس میں شامل ہو گئی ہیں اور چند رہ گئی ہیں اب انہی کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ سیاسی پارٹیوں کی بحالی کا قانون نہیں ہونا چاہیئے جیسے ریوائول آف پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے کیوں کہ انہوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ ان قواعد و ضوابط میں کئی بار ترامیم ہوئیں اور اب اس کی شکل بدل گئی ہے اس لیئے نئے قانون کی ضرورت ہے لہذا سیاسی پارٹیوں کی تشکیل نو کا قانون نئے نام سے موسوم ہونا چاہیئے ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ہمارے موجودہ آئین میں قرارداد مقاصد کو آئین کا مؤثر حصہ بنایا جا چکا ہے

[Sahibzada Ilyas]

تو آیا اس کا ہمیں احترام اور لحاظ نہیں کرنا پڑے گا؟ یہ جو کچھ قانون اب بن رہا ہے اس کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ وہ اپنا منشور پیش کریں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس منشور کی وضاحت ہونی چاہیے کہ یہ منشور جو ہے وہ قرارداد مقاصد سے ہم آہنگ ہو اور اس کے ساتھ ہی ساتھ گائیڈ لائینز بھی یہ ہوں، کہ اسلام کا اپنا نظام عدل ہے فلاحی مملکت بنانے کے لیے اسلام کا ایک اپنا نظام معیشت اور معاشرت ہے اسلام کا اپنا نظام تعلیم ہے۔ ان نظاموں میں پیش رفت کرنے کے لیے، ان میں بہتر اصلاحات کرنے کے لیے اگر ان کا منشور ان باتوں کی ضمانت دیتا ہو اور ان پر حاوی ہو تو پھر ان کو اجازت ہونی چاہیے کہ وہ سیاسی جماعت بنائیں۔

جناب والا! دوسری بات میں عرض کرتا ہوں کہ اسلام میں دین کو سیاست سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ لہذا جو تعریف ہم نے انگریزی میں پالیٹکس کی دیکھی ہے اس میں اس کو آرٹ آف گورنمنٹ کہا گیا ہے تو آیا یہ جو ہماری سیاسی پارٹیوں کے اراکین ہیں یا ممبر ہیں جیسا کہ ہوا کرتے تھے اور آئندہ بھی ہوں گے، انہوں نے کیا تربیت پائی ہے کہ گورنمنٹ میں آ کر اقتدار میں آ کر، حکومت کرنے کے طریقے بتائیں گے اور حکومت کو چلائیں گے۔ آیا ان کے لیے کوئی Qualifications مقرر ہیں، یا پہلے تھیں یا آئندہ ہوں گی۔ اگر ایسا نہیں ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں سیاست کی تعریف خدمت خلق سے کرنی چاہیئے۔ ان کے تمام کام خدمت خلق پر مرکوز اور موقوف ہوں جیسا کہ

آنکہ خدمت کرد او مخدوم شد

جو اچھی خدمت کرے گا، جو پارٹی عوام کی اچھائی اور بھلائی کے لئے کام کرے گی، اسلام اور دین کی سربلندی کے لئے کام کرے گی۔ ان کو خود لوگ اپنا نمائندہ مقرر کر کے بھیجیں گے۔ ان پر اعتماد کریں گے اور ان کو کہیں گے کہ آپ ہمارے لئے جو بھی قانون بنائیں گے، جو بھی کام کریں گے، وہ ٹھیک ہے۔

جناب والا! میں ایک اور نکتہ عرض کرنا چاہتا ہوں جیسا کہ ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس اور جناب عبداللہ روگڑی صاحب نے نہایت ہی ایک اہم امر کی نشاندہی کی

ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام لوگ اس بات سے خائف ہیں، اور سب کو یہی ڈر ہے کہ اگر یہ پارٹیاں معرض وجود میں آگئیں تو پھر کشتی کی طرز پر لڑائی کے لئے ان میں چپقلش پیدا ہو جائیگی اور اس مقصد کے لئے مختلف قسم کے علاقائی نعرے لگائے جائیں گے اور اپنے خود غرضانہ مقاصد کے حصول کے لئے حیلے بہانے تراشے جائیں گے ۱۹۷۳ء کے آئین بنانے والے وزیر قانون نے اس ملک کے لئے ایک نیا نسخہ تیار کیا ہے کہ کنفیڈریشن ہونی چاہیئے۔ جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ کنفیڈریشن کا مقابلہ کرنے کے لئے ہمیں فیڈریشن کو مضبوط کرنا چاہیئے اس لئے میں یہی عرض کروں گا کہ وفاقی نظام حکومت میں اس سینیٹ کا کردار وہ نہیں ہونا چاہیئے۔ جو ہاؤس آف لارڈز کا ہے اس کے اختیارات اتنے ہونے چاہئیں جتنے کہ دوسرے ممالک میں ہیں جہاں وفاقی نظام حکومت کامیابی سے چل رہے ہیں، جناب والا! یہ سینیٹ وفاقی وحدت اور ملی اتفاق و اتحاد کا نشان ہے۔ اس کے جتنے بھی اختیارات بڑھیں گے اس کا جتنا بھی اقتدار بڑھے گا وہ تمام بھائیوں کے لئے قابل قبول ہوگا میں صرف انہیں باتوں کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان چیزوں کا نوٹس لینا بہت ضروری ہے شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ ملک محمد علی خان ۔۔۔ نہیں ہیں۔ نوابزادہ شیخ عمر خان۔

نوابزادہ شیخ عمر خان: جناب چیئرمین! میں جناب کا ممنون ہوں کہ اس موضوع پر بحث کرنے کے لئے آپ نے مجھے اجازت دی جس پر میں اظہار خیال کروں گا۔

جناب والا! ہم نے اپنے ۳۸ سالہ دور زندگی میں، جب سے پاکستان بنا ہے جتنے تجربے کئے ان سب کے بارے میں اس تین روزہ بحث میں یہ واضح ہو گیا ہے کہ ہم نے جو کچھ بھی کیا اس کے باوجود بھی ابھی تک ہم کسی نتیجے پر نہیں پہنچے ہیں جس کے باعث ہم آج پریشان بھی ہیں۔ اور یہ سوچ رہے ہیں کہ ہمیں اس ملک کے لئے کون سے قوانین بنانے چاہئیں جس سے ہمارے ملک میں استحکام پیدا ہو اور ہم ترقی کر سکیں۔ اگر ہم یہ دیکھیں کہ یہ ملک دو قومی نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا تھا۔ ایک ہندوستان

[Nawabzada Shiekh Amer Khan]

اور دوسرا پاکستان - لیکن ہندوستان میں کانگریس برسر اقتدار آئی اور پاکستان میں مسلم لیگ برسر اقتدار آئی لیکن ہندوستان تو قائم ہے لیکن ہمارے ملک میں کتنے انقلاب آئے ہیں کتنی تبدیلیاں ہوئی ہیں کتنے سربراہان مملکت بنے ہیں اور کتنے چلے گئے ہیں اور پھر اس ملک میں کتنے مارشل لاء لگے ہیں جن کی ہم شکایت کرتے ہیں۔ ہم اس میں کام بھی کر رہے ہیں اور اس کی مخالفت میں بھی بولتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہم مطمئن نہیں ہیں۔

جناب والا! میرے بھائیوں نے اپنی حد تک جو تقاریر کی ہیں ان کے متعلق میں صرف اتنا کہوں گا اس وقت ہمیں وہ کردار ادا کرنا چاہیئے جس سے کہ اس ملک کی بقا قائم ہے اگر ہم نے اس میں غفلت کی یا ہم نے لاپرواہی برتی تو اس سے ہمارا کوئی مقصد پورا نہیں ہوگا اور خدانخواستہ اس ملک کو نقصان بھی پہنچ سکتا ہے بہرحال جناب والا! جو قانون اس وقت سیاسی پارٹیوں کے متعلق بنایا جا رہا ہے اس کے بارے میں جہاں تک میرا اپنا خیال ہے، چونکہ میں قانون دان تو نہیں ہوں، لیکن پھر بھی عرض کرتا ہوں کہ ایک طرف تو آپ ایک نیا قانون بنا رہے ہیں اور دوسری کمیٹی نے یہ رپورٹ مرتب کی ہے کہ جو پارٹیاں اس سے پہلے رجسٹرڈ ہوئی ہیں، وہ تو بحال ہو جائیں گی اگر پارٹیوں کے لیے نیا قانون بھی بن جاتا ہے تو وہ پارٹیاں جو رجسٹرڈ تھیں اب وہ نئے قانون کے تحت بھی رجسٹرڈ ہونی چاہئیں اس کے متعلق میرا خیال ہے اس میں اتنا ضرور ہونا چاہیئے کہ تمام پارٹیاں اس کے تحت از سر نو رجسٹرڈ ہوں اور رجسٹرڈ ہو کر اپنا کام شروع کریں اور اس مرحلے کو بار بار دھرایا جائے تاکہ صحیح معنوں میں جمہوریت اس ملک میں قائم ہو سکے اور یہ بات ملک کے مفاد میں ہے ملک کے مفاد کی خاطر جتنے ہمارے مقررین نے اظہار خیال کیا ہے جیسا کہ مولانا کوثر نیازی اور دوسرے علماء کرام تھے، ان سب کا یہی مقصد ہے کہ ہم ملک کے لیے کچھ کریں۔ بہرحال وہ تجربہ کار ہیں اور بڑے سیاستدان ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اس ملک کے لیے سب کا مطمع نظر یہی ہے کہ ہم کچھ کریں اور اس وقت بھی اس دور میں، اس ماحول میں یا اس جمہوریت میں

جو ہم آئے ہیں ۔ بنیادی طور پر منتخب ہو کر آئے ہیں اور ظاہراً تو غیر جماعتی نظام پر ہم آئے ہیں لیکن ہم میں سے اکثر ۸۰ فیصد ایسے لوگ ہیں جو کسی نہ کسی پارٹی سے تعلق تو ضرور رکھتے ہیں ۔ یہ ہم انکار نہیں کر سکتے کہ ہمارا کسی سیاسی جماعت سے تعلق نہیں ہے ۔ جب ہم کسی مقصد سے ہٹ جائیں گے تو ہم بکھر جائیں گے ایسا نہ ہو کہ ہم اپنے مقصد یا منزل کی طرف نہ جائیں بلکہ منتشر ہو کر ادھر سے ادھر چلے جائیں جس سے کہ ملک کو خطرہ ہو گا ۔ بہرحال یہ قانون بنایا جا رہا ہے اس کے لئے احتیاط کرنے کی ضرورت ہے حکومت کو بھی احتیاط کرنی چاہیئے اور بڑی احتیاطی تدابیر سے اس عمل کو اس طرح دہرایا جائے کہ اس ملک کو اب ۳۸ سال کے بعد نقصان نہ پہنچے ۔ جناب والا! ہم ابھی تک نصف صدی تک بھی نہیں پہنچے اگر ۵۰ برس بھی پورے نہ ہوئے ہوں اور ہمیں نقصان پہنچے تو یہ بہت افسوس کی بات ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، جناب خضر حیات خان ۔

سردار خضر حیات خان: جناب چیئرمین! میں اپنی تقریر مختصر کرنے کے ساتھ ساتھ چند حقائق اور امور کی طرف اس ہاؤس کی توجہ دلانے کی کوشش کروں گا ۔ اگرچہ بہت سے پہلوؤں پر بہت سی مدلل اور بہت واضح تقریریں ہو چکی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ چند ایک امور ایسے ہیں جن کے متعلق مجھے عرض کرنا چاہیئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سیاسی جماعتوں کے ایکٹ سے، صرف سیاسی جماعتوں کی بحالی سے ہی کام نہیں چلے گا ۔ یہ بڑا عجیب حادثہ ہے کہ جب بھی مارشل لاء اٹھتا ہے یا اٹھنے والا ہوتا ہے اس وقت سیاسی جماعتوں کے احیاء کا سوال پیدا ہوتا ہے تو یہ پہلا جو ایکٹ ہے جس پر کہ دونوں خصوصی کمیٹیوں نے توجہ دلائی ہے وہ ۱۹۶۲ء میں مارشل لاء کے اٹھنے کے بعد پہلی بار سیاسی جماعتوں کے

[Sardar Khizar Hayat Khan]

ایکٹ کے متعلق ہے اور یہ بھی عجیب حادثہ ہے کہ اس وقت بھی مارشل لاء اٹھایا گیا لیکن اس وقت یہ اچھا واقعہ ہوا کہ مارشل لاء کے اٹھانے کے فوری بعد یہ قانون بنایا گیا۔ آج کے واقعات ذرا اس سے مختلف ہیں اس لیئے اس کو بھی گائیڈ لائن بنانا اچھی بات نہیں کیوں کہ وہ ان حالات میں تھا کہ ادھر اسمبلیاں آئیں ادھر مارشل لاء ختم ہوا۔ اب ادھر اسمبلیاں آگئیں لیکن مارشل لاء کے خاتمے کا اب کوئی سکوپ پیدا ہوا ہے جیسا کہ وزیراعظم صاحب نے کہا ہے۔ لیکن یہ احساس نہیں کیا گیا کہ ہم پرانی روایت کو قائم رکھیں اور وہ یہ تھی کہ جونہی اسمبلی قائم ہوئی اسی وقت مارشل لاء اٹھا لیا گیا لیکن پارٹیز ایکٹ بعد میں آیا۔ اب پارٹیز ایکٹ جو ہم نے بنانا ہے وہ صرف اسی کو ہی گائیڈ لائن کے طور پر سامنے نہیں رکھنا جو ۱۹۶۲ء میں تھا بلکہ ہم نے نئے حالات کے مطابق اور نئے طریقے کے مطابق اور جہاں ہم پہنچ چکے ہیں اور جیسے ہمارے حالات ہیں ان کو مدنظر رکھ کر ہمیں پارٹیز ایکٹ کی تشکیل کرنی ہے لیکن صرف پارٹیز ایکٹ کی بحالی سے کام نہیں چلے گا بلکہ سیاسی نظام کے متعلق ہمیں قانون بنانے پڑیں گے اور اس کے مطابق ہمیں ملک کو چلانا ہو گا اور صرف پارٹیز کی بحالی کے ساتھ کام نہیں چلے اس لیئے کہ اگر صرف پارٹیز کی بحالی کے ساتھ ہی کام چلتا تو پھر جب ۱۹۵۸ء میں جب مارشل لاء لگا تھا اس وقت پارٹیز بڑے زوروں پر تھیں اور ۱۹۷۷ء میں بھی جب مارشل لاء لگا تو پارٹیز اپنے پورے عروج پر تھیں پیپلز پارٹی بھی اور پی۔ این۔ اے۔ بھی اس لیئے صرف پارٹیز کے قائم ہونے سے اور پارٹیز کے احیاء سے مارشل لاء ختم نہیں ہو سکے گا۔ ہمیں ایسے سیاسی نظام کی ضرورت ہے جس سیاسی نظام کی موجودگی میں نہ صرف یہ مارشل لاء ختم ہو بلکہ آئندہ کبھی مارشل لاء اس ملک میں آنے کا نام نہ لے۔ ہمیں ایسے سیاسی نظام کی ضرورت ہے۔ جس کے لیئے اس ہاؤس کو اور دوسرے ہاؤس کو بھی توجہ دینی چاہیئے یعنی ایسے سیاسی نظام کی ضرورت ہے جس کے لیئے ایسے قوانین بنانے چاہئیں کہ کوئی طالع آزما مارشل لاء نہ لگا سکے۔

یہ عجیب بات ہے کہ جب مارشل لاء آتا ہے تو پارٹیز کو ختم کر دیتا ہے۔ پارٹیاں defunct ہو جاتی ہیں۔ اور جب جانے لگتا ہے تو نئی پارٹیز بنانے کا خیال آ جاتا ہے اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ سات سال تو مارشل لاء والوں نے یہ کیا کہ سیاست، سیاست دانوں اور سیاسی پارٹیوں کو بدنام کیا اور ان پر طرح طرح کے الزامات لگائے۔ سیاست کو بُرا بھلا کہا۔ اب جب جانے لگے ہیں تو کہتے ہیں کہ پارٹیز بنائی جائیں اور کام شروع کیا جائے۔ ہماری دونوں کمیٹیوں نے صرف سیاسی پارٹیوں کے متعلق ہی کہا ہے سیاسی نظام کے متعلق نہیں کہا تو میں یہ عرض کروں گا کہ ہاؤس کی پوری توجہ سیاسی نظام کی طرف ہونی چاہیے اور اس کمیٹی نے نہ تو سیاسی نظام کے متعلق کچھ کہا ہے اور نہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے متعلق کچھ ذکر کیا ہے نہ اسلامی نظام کے متعلق کچھ ذکر کیا ہے اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری یہ پوری کوشش ہونی چاہیے کہ ہم ایسا نظام تجویز کریں جس میں ۱۹۷۳ء کا آئین من و عن بحال ہو جائے۔

اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ سیاسی نظام کے ساتھ ہم ایسے نظام پر عمل درآمد کریں جس میں ملک کی سلامتی ہو جس میں صوبائی عصبیت نہ ہو، فرقہ واریت نہ ہو اور ہم اس ملک کو اچھے طریقے پر صحیح ایک فیڈریشن کی حیثیت میں چلا سکیں اور ایسا ہم تب ہی کر سکتے ہیں کہ ایسا سیاسی نظام لائیں جس میں ہم یہ روایات قائم رکھ سکیں۔ کیونکہ روایات آج تک اس ملک میں آئی نہیں وہ اس لیے آئیں نہیں، نہ بن سکیں اور نہ بن سکتی ہیں کہ جب تک ہم ایسا سیاسی نظام نہ لائیں کہ کوئی طالع آزما جب چاہے اس ملک میں مارشل لاء نہ لگا سکے اس سے بچنے کے لیے ہمیں پوری توجہ دینی ہو گی اور جیسا کہ میں سمجھتا ہوں اور میری ایک تجویز ہے کہ جب سیاسی پارٹیاں ہم بنا رہے ہیں اور بنائیں گے تو سیاسی جماعتوں کو بھی یہ کوشش کرنی پڑے گی کہ ہم کوئی ایسا طریقہ کار سوچیں کہ پانچ سال کے سارے عرصے میں قوم الیکشن کے سلسلے میں متوجہ نہ رہے بلکہ صرف چار سال تعمیری کاموں پر صرف ہوں اور پانچواں سال جو ہے اس

[Sardar Khizar Hayat Khan]

میں پارٹیز اپنے الیکشن کا کام کریں - پہلے چار سال پارٹیاں اپنے آپ کو منظم کریں اور کام کریں کیوں کہ پارٹیز کا کام ہے قوم کے پاس الیکشن کے لیے جانا ہٰذا اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم ۴ سال اپنی پارٹیز کو منظم کریں اور پانچواں سال لوگوں کے پاس جائیں ۔ جلسے جلوس اور یہ جو ساری چیزیں ہیں الیکشن کا جتنا کام ہے وہ ہمیں صرف پانچویں سال میں کرنا چاہیئے تب ہی لوگ تعمیری کاموں کی طرف متوجہ ہوں گے - ورنہ اگر ہم سارا وقت سیاسی جلسے جلوس کرتے رہے تو ملک میں کوئی تعمیری کام نہیں ہو گا اور افراتفری اور آپس میں پارٹیوں کی لڑائی جاری رہے گی اور لوگ بھی بکھرے رہیں گے اور آپس میں اختلاف رہے گا ۔

اس لیے ہمارا فرض ہے کہ ہمارا نظام ایسا ہو کہ جس کے ذریعے ہم اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کریں ملک میں قوم ہیں، صوبائی عصبیت کو ختم کریں اور فرقہ واریت کو کلی طور پر ختم کرنے کے لیے کوشش کریں آئین جو ہے وہ ہمیشہ کے لیے رہے اور ہم ان روایات کو، جو جمہوریت کو آئندہ چلانے کے لیے کارآمد ہو سکتی ہیں، قائم کریں - یہاں ہم نے یہ دیکھا ہے کہ آج تک کوئی کام جمہوری روایات کے مطابق ہو رہا ہے نہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - یہاں اس سلسلے میں اس کمیٹی نے کراسنگ آف فلور کے متعلق سفارش کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے لیکن اخلاقیات کے تحت، صرف تلوار کے سائے میں اگر آپ کوئی ڈسپلن قائم رکھنا چاہتے ہیں تو وہ کبھی قائم نہیں رہے گا کیوں کہ اس کو لوگ دل سے قبول نہیں کریں گے ۔ اگر دل سے قبول نہیں کریں گے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا اور اس میں خاص طور پر ہمیں یہ امر سامنے رکھنا پڑے گا کہ جب پارٹی کسی کو باہر نکال دیتی ہے بغیر کسی وجہ کے تو اس کی اگر ممبرشپ بھی چلی جائے تو اس کا کیا بنے گا ۔

ہم نے ۱۹۶۵ء میں بھی یہ دیکھا ہے کہ ایک وقت آیا تھا جب مصطفیٰ کھر کو کنونشن لیگ نے نکالا اگرچہ اس نے کوئی ایسا کام نہیں کیا تھا - نہ تو اس نے پارٹی کے خلاف ووٹ دیا تھا نہ اس نے پارٹی کے حکم کے

خلاف کوئی بات کی تھی - صرف اتنی بات تھی کہ وہ ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کا دوست ہونے کی صورت میں ان کے ساتھ اس وقت ادھر ادھر جاتا تھا اور اس وقت کے لیڈروں کو یہ برا لگا تو پارٹی کی میٹنگ ہوئی اور پارٹی کے لوگوں نے اس کو نکال دیا۔ حالانکہ اس نے پارٹی کے کسی حکم کی خلاف ورزی کی تھی نہ کوئی ووٹ خلاف دیا تھا لیکن پارٹی کے لیڈروں نے اس کو نکال دیا صرف اس بات پر کہ وہ ایک آدمی سے ملتا ہے جس کے ساتھ اس کے ذاتی مراسم ہیں ایسے حالات کو بھی مد نظر رکھنا پڑے گا کہ پارٹی کسی کو بغیر کسی وجہ کے یا اس وجہ سے کہ لیڈر شپ اس سے ناراض ہو گئی ہے نکال سکے ہمیں ان تمام خدشات کو دور کرنے کے لیئے کہ کوئی اگر ووٹ نہیں دیتا یا بغیر کسی وجہ کے کوئی لیڈر شپ ناراض ہو سکتی ہے کچھ کرنا چاہیئے اس وقت ہم نے دیکھا کہ ساری پارٹی میں سوائے دو آدمیوں کے تمام کے تمام نے مصطفیٰ کھر کو نکالنے کی سفارش کی تھی حالانکہ نہ اس کا کوئی قصور تھا - نہ کوئی بات تھی - صرف دو آدمی تھے اور وہ تھے غلام مصطفیٰ جتوئی، اور سید حامد رضا گیلانی! باقی کچھ ایک دو آدمی neutral تھے - اس نیوٹریلٹی سے کوئی فائدہ نہیں ہوا تھا - پارٹی نے ریزولیوشن پاس کر کے اس کو نکال دیا - اس لیئے میری یہ استدعا ہو گی فلور کراسنگ کا جو کام ہے یہ ٹھیک ہے لیکن اس کو ان تمام eventualities کے لیئے مد نظر رکھنا پڑے گا جو میں نے پہلے عرض کی ہیں -

اسی طریقے سے ہم نے، ویسٹ پاکستان میں بھی یہ دیکھا، وہاں بھی جب پیپلز پارٹی ابھی نہیں بنی تھی تو چار پانچ آدمیوں کو صرف اس لیئے نکالنے کی کوشش کی گئی کہ ان لوگوں نے اس وقت کی حکومت کی پوری مرضی کے مطابق ان لوگوں سے ملنا جلنا قائم رکھا جو اس وقت حکومت کے مخالف تھے - اسی لیئے میری یہ گزارش ہو گی کہ لاء منسٹر صاحب جو لا رہے ہیں

[Sardar Khizar Hayat Khan]

اس میں کوئی ایسی اصلاح کریں چار سال پارٹیاں اپنا کام کریں اور صرف الیکشن کے سال میں سیاسی activity کر سکیں۔ اگر یہ بات نہ ہوئی اور قوم آپس میں تقسیم رہی تو کبھی کام نہیں چلے گا۔ کیونکہ آپ نے دیکھا ہے کہ سیاسی پارٹیز نے جو recommendations کی ہیں ان میں انہوں نے الیکشن کی بات کی ہے۔ الیکشن میں وہ جائیں۔ جلسے جلوس کریں، وہ بھی الیکشن کے سلسلے میں ہوں جو الیکشن کے لیئے ضروری ہیں مگر اس وقت جب الیکشن کا اعلان ہو جائے اس وقت تک پولیٹیکل پارٹیز جو ہیں وہ اپنا کام کریں چار سال صرف اپنی پارٹی کی تنظیم کے سلسلے میں جلسے کریں اگر پورے پانچ سال ہی انہوں نے یہ کام کرنا ہے تو یہ کام نہیں چلے گا۔

اس لیئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں ایسے نظام کی ضرورت ہے جس میں مارشل لاء کا ہمیشہ کے لیئے خاتمہ ہو، یہ مارشل لاء صرف جائے نہیں بلکہ کوئی ایسا نظام آئے جس میں اس ملک میں کبھی مارشل لاء نہ آئے ورنہ خاکم بدھن جیسے نیازی صاحب نے کہا ہے یا دوسرے دوستوں نے کہا ہے اگر خدانخواستہ آئندہ کبھی اس ملک میں مارشل لاء آیا تو نہ ہم ہوں گے نہ ملک ہوگا خاکم بدھن نہ اور کوئی ہوگا، بلکہ ہمارے حالات افغانستان سے بھی برے ہوں گے۔ اس لئے ہمیں ایسے نظام کی ضرورت ہے جس میں ہمیشہ کے لئے مارشل لاء اس ملک سے چلا جائے اور یہ لعنت ہمیشہ کے لئے ختم ہو۔ ایسے نظام کی ضرورت ہے جس میں ہم اسلامی نظام کو پوری طرح چلا سکیں اور اس پر عملدرآمد کروا سکیں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، جناب حاجی اکرم سلطان صاحب، ابھی ۱۲ کے قریب ممبر صاحبان نے بولنا ہے۔ اور ٹائم ۶۰/۶۵ منٹ کے قریب رہ گیا ہے۔ تو درخواست ہے کہ ذرا اختصار سے کام لیجئے۔

**Mr. Akram Sultan:** Thank you, Mr. Chairman. I will be quite brief so that the time is saved and my senior Santors, who are more experienced, could give better views.

Sufficient has been said on this report and I would like to compliment the Committee Members who have done their utmost to do a very good job after due deliberations. I would like to point out here, Mr. Chairman, that twice in this House we have placed confidence Unanimously in the Prime Minister. While now these recommendations having been received and the honourable Members have expressed their views and a few more have to express, I think, we should leave this matter of finality upon the leader in whom we have placed our confidence twice.

Mr. Chairman, I feel after having heard and read the report that the objectives are the same *i.e.* the Martial Law should be lifted at the earliest and democratic system be re-instated on sound and permanent footing so that in future, Martial Law does not come in to our country again. Now, to achieve these objectives, it is imperative that collectively and wholeheartedly, we should arrive at a consensus which, in my opinion, we have, and and then leave this matter to the Prime Minister, who, I am sure, with due consultation and deliberations will bring forward a **Bill** to be presented by the honourable Law Minister before this House, and on that point. I feel that we should not go into merits and demerits of this matter, or even criticise it. I would like to point out here that one of our senior Senator from Frontier has pointed out that once we have given our word, support and commitment to the leader of the House and having placed confidence in him, we should not question his judgement and I request to all my colleagues and Senior Members Particularly, as Mr. Bokhari has pointed out that this responsibility has been placed upon us that we should produce the required law under which not only we shall safeguard our future but also ensure that we have a discipline within. With these words, Mr. Chairman, that Allah may guide our Prime Minister to put this country on the right path. Amin! Thank you, Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** Thank you very much. Brig. Abdul Qayyum Khan:

**Brig. (Retd.) Abdul Qayyum Khan:** In the name of Allah who is very kind and beneficient.

Mr. Chairman, Sir, I am grateful to you for giving me this opportunity for expressing the views on the report of the Senate's Special Committee on the Revival of Political Parties in the country. I never realized that it would encompass past history and the Constitutional issues. Therefore, I will restrict myself only to matters pertaining to this report. For me, I have the honour of being the Member of this Committee and it was my

[Brig. Abdul Qayyum Khan]

first experience in democracy, to work with other colleagues having different opinions with different backgrounds and I learnt that democracy means tolerance, patience and above all accommodation which all the Members of the Committee showed their deliberations. I learnt to accept the opinions of other colleagues when sincerely and genuinely put before you opposed to your opinions. I found that we were all capable of rising above the personal, party and regional interests in the larger interest of Pakistan.

Sir, to be brief, I must pay tribute to our Chairman of the Committee Mr. Fida Ahmad Khan who is not present in the House who might have left for Haj. He showed tremendous patience and tolerance with an appearance of smile on his face. He always succeeded in creating atmosphere for consensus and expediting work of the Committee. We cannot forget, the sumptuous lunch he gave before his departure for Haj. Another Member Qazi Hussain Ahmed who is a Secretary General of a political Party and he had party line to follow but I must pay tribute to him who worked in the interest of consensus. He always showed tremendous accommodation to finalize the report and I know it was with a view to hurry up the removal of Martial Law. Since he is not here that is why I specially mentioned him.

Sir, as regards the report itself, for registration, our Committee had recommended that those parties already registered under the Act of 1962 should stand revived on the promulgation of the new Act as recommended by the Committee Sir. I feel that to avoid any insinuation of partiality, all parties should be required to seek registration afresh as per procedure laid down in para 10, sub para (i) to (vii) of the report. That will ensure that no party starts with any handicap and there are no insinuations against any body. My second submission is that only one party should be registered under one name. We have experienced well-established parties having split into various groups not for any major policy differences but only for self-interest of certain leaders, and, thereafter, splinter groups have been registered under the same name with some either prefix or suffix. We should register only one party under one name and no suffix or prefix of any existing party should be allowed to be used. The authority should be given to the Election Commission to decide as to which group of the party should be allowed to retain the name of the party. Other group or groups should select the new name and seek registration afresh.

My second submission is regarding 'qualifying vote' for standing in the next general elections and our Committee has recommended, that a party should retain such qualifications Sir, for contesting the next general elections. I am saying this because we hav? not said that those would be de-registered, those should either secure 2 per cent of the total polled national votes or 2 seats in the National Assembly. Sir, I suggest that for parties with nation-wide appeal, certain per centage at the provincial levels be fixed. I am only suggesting a symbolic percentage of votes to be secured by eäch party from the Provinces. In that case I think securing of 2 per cent votes from the smaller Provinces of NWFP and Baluchistan, is not acceptable. But 0.5% from N.W.F.P. and Baluchistan and 1 per cent from Punjab and Sind should be made compulsory for any party to secure to retain its entitlement for fighting the next general elections. That would help to build the all-Pakistan leadership from the smaller Provinces.

Mr third point; Sir, we seem to have mixed two things to make a provision for the merger of the parties. If some members of the political parties at any stage decide to merge in one party they should be llowed to do so and allowed to choose a name for themselves and should be registered under that name without going through the formalities required for a fresh registration.

Sir, the ticklish point is that of the 'independents'. We have done this whole exercise to recommend a law to regulate the political activities of the political parties and indirectly the entire political activities in the country. In that we have imposed certain restrictions and certain limitations on the political parties and on the candidates who will contest election on the tickets of those political parties. But we have not imposed any such restrictions on independent candidates. The experience has shown us that the small groups of independents have been the cause of rise and fall of Governments. They gain a bargaining position disproportionate to their strength and since they cannot be prevented under the Constitution from fighting as independents, therefore, certain restrictions can be imposed on them. I suggest that under the law it should be made mandatory for an independent candidate to secure at least 50 per cent of the total polled valid votes in his constituency, otherwise he should not be declared elected. This will discourage independent candidates coming up and eventually becoming a cause of instability and toppling of the Governments. Of course this will not apply to the members from FATA, because they don't come on the basis of any political parties.

Sir, next point is Crossing of the floor....The provision made, in Chapter 9 of our report regarding 'Crossing of the Floor' needs improvement. In sub para (b) of this Chapter the word 'persistently' should be deleted as

[Brig. Abdul Qayyum Khan]

such an abstention or vote against the direction of the party even once may cause fall of a Government which is not a small matter. I am quite conscious of the problem of the conscience of the members, but one should be prepared to pay price for acting according to one's conscience, it will be every time worth it. Sir, in this House it was said that under India's 52nd Constitutional Amendment some protection has been provided to defecting groups, provided the strength of the defecting groups was 1/3rd of the total strength of the party. It appears to be a mathematical ambiguity. Suppose in a party of three members if one member defects, he becomes 1/3rd and thus he retains the seat. In our case since we have provided for registration and other limitations, those groups will have to be registered if allowed to exist. Therefore, we have recommended no such concession to small defecting groups. All defecting individuals or groups should be treated in the same manner. Here again, this should not apply to the members from FATA, because they have their own system.

Sir, as for the law about crossing of floor is concerned the defection of individuals or groups from their parties has always been condemned perhaps frequently. This is no secret. The provision made regarding the 'crossing of floor' in the rports of both the Committees has been acclaimed by the public and almost all the newspapers have commended the provision regarding crossing of floor. Therefore, this provision a must be retained.

Sir, I support the views expressed by my honourable friend Mr. Muhammad Ali Khan Hoti yesterday. Those who contested the elections launched a practical movement for restoration of democracy. They chose the peaceful and constitutional method to restore democracy as opposed to those who believed in agitational politics in which only the poor people suffer. Sir, we are on the threshold of success to remove the Martial Law as pronounced by the Prime Minister repeatedly in both the Houses and at Lahore. Therefore, we should continue to have faith in him remain united and show accommodation and tolerance to achieve our goal for restoring the democracy in the country. The doubters will feel in line when we succeed and we shall succeed Insha'Allah, Thank you very much.

**Mr. Chairman:** Shirin Dil Khan Niazi Sahib.

**Major General (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi:** Thank you for giving me this opportunity. Let me congratulate and compliment the Prime Minister of Pakistan for his bold, courageous and timely announcement of fixing a date for the lifting of Martial Law. The credit must also go to the President, who had publically given a blank cheque to the Prime Minister regarding lifting of the Martial Law. The President and the Prime Minister are tuned on the same frequency, therefore, it is hoped that they would succeed in restoring democracy in Pakistan 'Inshallah'. The Prime Minister has yet to announce steps to eradicate corruption, his cherished goal. Corruption is spreading like a cancer i nour society. A start has to be made from the top, not from the bottom. We have to set a personal example. It would be better if he takes steps in this direction soon. I congratulate the members of the Senate Committee and Mr. Khattak's Committee—both of them have produced valuable documents. The Political Parties should be revived whether they get themselve registered or not. However, I suggest a code of ethics to be laid down on the following lines:—

(a) Let us not follow Machievalli in politics. Our politics in Pakistan has to be clean and above board and not as we had in the previous regime.

(b) Allah commands that we should keep our pledges. The pledges made by politician before and during elections or after elections must always be fulfilled. "Fulfil your bonds—(sura 5, Ayah 1)"

(c) The Quran exhorts and advises us to go around the world and see for ourselves "the fate of those who defied God—His Laws". Let us learn from History which is a record of rise and fall of nations.

(d) Let us remember that there is a Law of Requital. We should work for the development of mankind and the establishment of Quranic Order.

(e) Finally the party members should only be enrolled provided they possess the National Identity Card and can produce the same during election.

Now, I am coming to the political parties' revival—I am of the firm opinion that we should not dabble and waste our energies in this matter. The present regime have held two elections of the Local Bodies since 1979 much against the whims and wishes of the Political Pundits of the country and the third one is round the corner in 1987. Let that be on party basis. By this process, political parties would get firm footed and established in due course of time.

[Major General (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

The other day news Item appeared in the press in which it was alleged that the Governor of N.W.F.P. had forced the Members of Parliament from N.W.F.P. to sign for a party. (I wish to clarify the position. I have not signed the paper nor I saw anybody-else signing the papers.') Let me put the record straight. The members of the Parliament were invited to the Governor's House. Actually we had invitations from the Government House. We had a very frank and free discussion as we normally have in a "Jirga". We gave our views which were individually recorded. The Governor presented our point of view to the President during the Governor's Conference. The Prime Minister visited Peshawar on 30th of July, 1985. He confirmed that the Governor, N.W.F.P. had correctly put our views before the President. We requested the Prime Minister to give us the gist of the Governor's Conference. The views of the other three provinces were not in line with ours. We Pathans are basically very democratic. To make our new found democracy function and to ensure that Martial Law is lifted soonest, we the members authorised the Prime Minister that we would go alongwith other provinces in the largest interest of the nation. Subsequent events proved that we were right.

Now, I come to the next point, the President has not been able to fulfil his pledge to the nation of Islamization, because there is no system of accountability in this country and secondly, Islamization could only be realized with a team of persons who are dedicated, devoted and committed to Islam and thirdly, radical administrative reforms are a necessary part of the process. Under these circumstances I feel the President should not have amended the Constitution of 1973 during March, 1985 so drastically—We have had many experiences of one man made Constitutions in the past. Yet we have taken no clue from history. Therefore, I request the President, the Prime Minister and the Members of Parliament to reconisder the of 1985 Constitution at the earliest opportunity, in order to save the smaller provinces from mental torture.

I have the following recommendations to make:

(1) We have a God's given Constitution—the HOLY QURAN and Sunnah of the Prophet (Peace be upon him), therefore, Shariat Bill should be processed with all speed and adopted.

(2) Enhance the powers of the Senate. It is a *must*, for the federating Units to play their reightful role in the Parliament.

(3) Keep the door open for negotiation with the political parties. Devise ways and means to carry the smaller provinces. Provincial autonomy should be restored.

